رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **علوم القرآن+التفسیر**

تاریخ: **23-02-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: عبادت کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) نماز پڑھنا (ب) حج کرنا (ج) بندگی کرنا (د) کلمہ پڑھنا

سوال نمبر 2: تقوی کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) نماز پڑھنا (ب) بچنا (ج) عبادت کرنا (د) رونا

سوال نمبر 3: البُدْنُ عرف شریعت میں اس کا کیا معنی ہے؟

(الف) صفا۔ (ب) مروہ (ج) حطیم (د) قربانی کے جانور

سوال نمبر 4: لفظ "کفر" قرآن پاک میں کون کون سے معانی میں استعمال کیا گیا؟

(الف) ناشکری (ب) انکار (ج) اسلام سے نکل جانا (د) تینوں

سوال نمبر 5: کتاب "علم القرآن" میں شرک کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 6 (ب) 5 (ج) 8 (د) 7

سوال نمبر 6: لفظ "راعنا" کا کیا معنی ہے؟

(الف) نماز پڑھیں (ب) ہماری بات سنیں (ج) سلام کریں (د) ہماری رعایت فرمائیں

سوال نمبر 7: شتائی سورتوں سے کون کون سی سورتیں مراد ہوتی ہیں؟

(الف) رات میں نازل ہونے والی (ب) مکہ میں نازل ہونے والی

(ج) مدینہ میں نازل ہونے والی (د) سردی کے موسم میں نازل ہونے والی

سوال نمبر 8: لفظِ "المیسر" کا کیا معنی ہے؟

(الف) کھیلنا (ب) جوا (ج) سود (د) شراب

سوال نمبر 9: فن قراءت کے موضوع پر سب سے پہلی کتاب کے مصنف کا کیا نام ہے؟

(الف) ابن سینا (ب) فارابی (ج) عبدالقاسم بن عبد سلام (د) احمد بن جبیر

سوال نمبر 10: تلاوت سے پہلے مسواک کرنا کیسا ہے؟

(الف) مستحب (ب) فرض (ج) سنت (د) واجب

سوال نمبر 11: تلاوت کیلئے آواز کو خوبصورت بنانے کی کوشش کرنا شرعی اعتبار سے کیا ہے؟

(الف) سنت (ب) واجب (ج) مباح (د) مندوب

سوال نمبر12: لفظ "اباریق" کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) سریانی (ج) فارسی (د) عبرانی

سوال نمبر13: لفظ "الھدی" قرآن پاک میں کس معنی میں استعمال ہوا ہے؟

(الف) ثابت (ب) بیان (ج) دین (د) تینوں مذکورہ

سوال نمبر14: لفظ "اھش" کا معنی کیا ہے؟

(الف) ٹیک لگانا (ب) بھاگ جانا (ج) حاجت پوری کرنا (د) درخت کے پتے جھاڑنا

سوال نمبر15: "یوم الزینۃ" سے کون سا دن مراد ہے؟

(الف) یوم الجمعہ (ب) عید کا دن (ج) عبادت کا دن (د) منگل

سوال نمبر16: لفظ (عصیھم) میں عصی کی اصل کیا ہے؟

(الف) عصوی (ب) عصوو (ج) العصاء (د) العصو

سوال نمبر17: "قاع" کا کیا معنی ہے؟

(الف) صاف (ب) سیدھا (ج) میدان (د) پہاڑ

سوال نمبر18: "ھضما" کا کیا معنی ہے؟

(الف) زیادتی (ب) کمی (ج) معافی (د) ظلم

سوال نمبر19: "زھرۃ الحیاۃ الدنیا" میں زھرۃ سے کیا مراد ہے؟

(الف) کلی (ب) چمک دمک (ج) فائدہ (د) نقصان

سوال نمبر20: "مشفقون" کا معنی کیا ہے؟

(الف) شفقت کرنے والے (ب) ڈرنے والے (ج) مہربان لوگ (د) محبت کرنے والے

سوال نمبر21: "ظَلْتَ" کی اصل کیا ہے؟

(الف) ظَلِلْتَ (ب) ظَلَلْتُ (ج) ظَلَتُ (د) ظَلَلْتِ

سوال نمبر22: "الثقیل" کا کیا معنی ہے؟

(الف) ہلکا (ب) پتلا (ج) بھاری (د) ٹیڑھا

سوال نمبر23: حضرت موسیٰ علیہ السلام مدین میں کتنے سال رہے؟

(الف) 9 (ب) 10 (ج) 8 (د) 15

سوال نمبر24: "قبس" کا کیا معنی ہے؟

(الف) بوٹی (ب) روشنی (ج) سردی (د) آگ کا شعلہ

سوال نمبر25: "عتیا" کا کیا معنی ہے؟

(الف) ضدی (ب) جرات کرنے والا (ج) غصیلا (د) مخالفت

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **علوم القرآن+التفسیر**

تاریخ: **23-02-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: جرم کی سزائے شرعی کو کفارہ کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: بدعت کا حکم کیا ہے؟

سوال نمبر 3: قرآن پاک میں لفظِ دعا جن معانی میں استعمال ہوا ہے ان میں سے تین معانی تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر 4: لفظ مکر یا خداع کی نسبت جب تک اللہ پاک کی طرف ہو تو اس کے کیا معنی ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 5: اگر لفظِ ولی رب تعالی کے مقابل استعمال ہو تو کیا معنی ہوگا؟

سوال نمبر 6: صلاۃ کیساتھ لفظِ عَلٰی استعمال ہو تو کیا معنی ہونگے اور لفظ عَلٰی نہ ہو تو کیا معنی ہوگا؟

سوال نمبر 7: قرآن پاک میں اگر مسلمان سے ہی کہا جائے کہ اسلام لے آؤ تو اس اسلام سے کیا مراد ہوتا ہے؟۔

سوال نمبر 8: تفسیر قرآن پڑھنے سے پہلے اصولِ تفسیر سیکھنا کیوں ضروری ہے؟

سوال نمبر 9: قراءت متواترہ کی کیا تعریف ہے؟

سوال نمبر 10: ہمیں تفسیر پڑھنے کی کیا ضرورت ہے؟

سوال نمبر 11: مکی اور مدنی سورتوں کے بارے میں اصطلاح مشہور کیا ہے؟

سوال نمبر 12: تلاوت قرآن کے تین فائدے ذکر کریں۔

سوال نمبر 13: زبدۃ الاتقان ایک کتاب کا خلاصہ ہے، اس کتاب کا کیا نام ہے؟۔

سوال نمبر 14: "يريدان أن ينقض أي: يقرب أن يسقط لميلانه" عبارتِ مذکورہ پر اعراب لگائیں اور اردو ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 15: سورت مریم مکی سورت ہے یا مدنی؟ اس میں مفسرین کرام کے تین اقوال نقل کریں۔

سوال نمبر 16: حضرتِ زکریا علیہ السلام کو جب بیٹے کی بشارت ملی اس وقت آپ علیہ السلام اور آپ کی اہلیہ محترمہ رضی اللہ تعالی عنھا کی عمر مبارک کیا تھی؟

سوال نمبر 17: (اقترب) قرب (للناس) أهل مكة منكري البعث. اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں، نیز مفسر کی اغراض واضح کریں۔

سوال نمبر 18: وہ کلمات کیا ہیں جس کو پڑھنے کی برکت سے سیدنا یونس علیہ الصلاۃ والسلام کو مچھلی کے پیٹ سے نجات ملی؟

سوال نمبر 19: (إنَّ زلزلة الساعة) أي: "الحركة الشديدة للأرض التي يكون بعدها طلوع الشمس من مغربها الذي هو قرب الساعة" تفسیری عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 20: سورۃ المومنون کی ابتداء میں ذکر کردہ اوصاف مومنین میں سے کوئی تین اوصاف ذکر کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: کتاب علم القرآن کے مطالعے کی روشنی میں بتائیں کہ لفظِ الہ کو پہچاننے میں کیا غلطی ہوئی؟ نیز معبود برحق اور معبود باطل میں فرق کیا ہے؟

سوال نمبر 2: قرآن پاک کی شرعی تعریف کیا ہے؟ نیز اس میں مندرج قیود کے فوائد لکھیں۔

سوال نمبر 3: قرآن پاک کی کثرت سے تلاوت کرنا مستحب ومندوب ہے اس پر جامع نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 4: حضرت زکریا علیہ السلام کے موالی کون تھے اور آپ علیہ السلام کو ان سے کیا خطرہ تھا؟

سوال نمبر 5: حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کے پاس کھیتی کے متعلق کیا مقدمہ لایا گیا اور آپ علیہ السلام نے کیا فیصلہ کیا؟

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث+السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **25-02-2023** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: ____________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: مصابیح کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(الف) حسین بن مسعود البغوی (ب) ولیّ الدین (ج) شیخ عبدالحق محدث دہلوی (د) دارقطنی علیہم الرحمہ

سوال نمبر 2: "ما المسؤول عنها بأعلم من السائل" کا ترجمہ ہے.

(الف) سائل مسئول سے زیادہ جانتا ہے (ب) جس سے سوال کیا گیا ہے کہ وہ سائل سے زیادہ جانتا ہے

(ج) جس سے سوال کیا گیا ہے وہ سائل سے زیادہ نہیں جانتا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: قال رسول الله ﷺ: "ثلثة لهم ـــــــ رجل من أهل الكتاب"

(الف) أجر عظيم (ب) ثواب (ج) أجران (د) نعمتان

سوال نمبر 4: قال الله تعالى: "يؤذيني ابن آدم يسب ـــــــ"

(الف) النبي (ب) الملائكة (ج) الدهر (د) الاولياء

سوال نمبر 5: عن عمرو بن عبسة قال: قلت يا رسول الله ﷺ: "ما الاسلام؟ قال ـــــــ"

(الف) الصبر والسماحة (ب) طيب الكلام وإطعام الطعام (ج) شهادة لا إله إلا الله (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: اس امت کے مجوس کن لوگوں کو کہا گیا ہے؟

(الف) معتزلہ (ب) مرجیہ (ج) قدریہ (د) بت پرست

سوال نمبر 7: "لقد تضايق على هذا العبد الصالح قبره حتى فرجه الله" الخ حدیث مذکور میں العبد الصالح سے کون سے صحابی مراد ہیں؟

(الف) سعد بن ابی وقاص (ب) سعد بن معاذ (ج) مصعب بن عمیر (د) حمزہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 8: "أبغض الناس إلى الله تعالى ـــــــ ملحد في الحرم" الخ

(الف) أربعة (ب) ثلاثة (ج) خمسة (د) ستة

سوال نمبر 9: بنی اسرائیل کتنے فرقوں میں تقسیم تھے؟

(الف) اکہتر (ب) بہتّر (ج) تہتر (د) ان میں سے کسی میں نہیں

سوال نمبر 10: عن أنس بن مالك قال: قال رسول الله ﷺ: "تركت فيكم أمرين" الخ حدیث مبارک میں أمرين سے کیا مراد ہے؟

(الف) کتاب وسنت (ب) سنت و خلفائے راشدین (ج) کتاب اللہ واہل بیت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: "إذا مات الانسان انقطع عمله إلا من ـــــــ أشياء"

(الف) خمسة (ب) ثلاثة (ج) سبعة (د) ستة

سوال نمبر 12: "فقيه واحد...... على الشيطان"

(الف) أشد (ب) أصعب (ج) أهون (د) أثقل

سوال نمبر 13: رات کی ایک گھڑی بھر علم حاصل کرنا بہتر ہے۔

(الف) دنیاومافیہا سے (ب) صدقہ کرنے سے (ج) رات بھر قیام سے (د) سو سال کی عبادت سے

سوال نمبر 14: جُمّۃ کا معنی ہے۔

(الف) جماعت (ب) جنگ (ج) کندھوں تک لٹکی ہوئی زلفیں (د) تعداد

سوال نمبر 15: حضور ﷺ کے قد مبارک کا وصف تھا۔

(الف) الطویل الممغط (ب) القصیر المتردد (ج) مربوعا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 16: "رأيت رسول الله ﷺ في ليلة......وعليه حلة"

(الف) إضحيان (ب) البدر (ج) دجية (د) مظلمة

سوال نمبر 17: وَضوء بفتح الواو کا معنی ہے۔

(الف) وضو کرنا (ب) باوضو ہونا (ج) وضو کا پانی (د) روشنی

سوال نمبر 18: "قدم رسول الله ﷺ علينا بمكة قدمة وله.......غدائر"

(الف) خمس (ب) أربع (ج) نصف (د) ثلاث

سوال نمبر 19: حضور ﷺ کی داڑھی مبارک میں سفید بالوں کی تعداد تھی۔

(الف) 18 (ب) 14 (ج) 15 (د) 17

سوال نمبر 20: "كان أحب الثياب إلى رسول الله ﷺ يلبسه_______"

(الف) العمامة (ب) السراويل (ج) الإزار (د) القميص

سوال نمبر 21: "أول من عقد عقدا واحدا_____"

(الف) عمر (ب) أبو بكر (ج) عثمان (د) علي رضى الله عنهم

سوال نمبر 22: وہ کون سی شخصیت ہیں جن سے حضور ﷺ کی انگوٹھی بئر اریس میں گر گئی تھی؟

(الف) عبدالرحمٰن بن عوف (ب) جابر بن عبداللہ (ج) معیقیب (د) ابو بکر رضی اللہ عنھم

سوال نمبر 23: وہ کون سا کافر تھا جو فتح مکہ کے موقع پر کعبہ کی دیوار کے پیچھے چھپا ہوا تھا اور اس کو قتل کرنے کا حکم دیا گیا۔

(الف) عبداللہ بن اُبی (ب) عتبہ (ج) شیبہ (د) ابن اخطل

سوال نمبر 24: ینحطُّ فعل کا تعلق کس باب سے ہے؟

(الف) افعِلَال (ب) انفعال (ج) افعِلّال (د) افتعال

سوال نمبر 25: وہ پہلے شخص کون تھے جنہوں نے راہ خدا میں تیر چلایا؟

(الف) سعد بن معاذ (ب) حضرت علی (ج) سعد بن ابی وقاص (د) خالد بن ولید رضی اللہ عنھم

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
کنز المدارس بورڈ پاکستان
درجہ: خاصہ سال دوم پرچہ: دوسرا مضمون: الحدیث+السیرۃ النبویۃ
تاریخ: 25-02-2023 دن: ہفتہ کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ کل نمبر: 75

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "وإذا رأيت الحفاة العراة الصمّ البكم ملوك الارض" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 2: حدیث مبارکہ کی روشنی میں عورتوں کا ناقصات العقل والدین ہونا کیا ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: "لا دين لمن لا عهد له" حدیث مبارکہ کی روشنی میں واضح کریں کہ وعدے کی پاسداری نہ کرنے والے کا دین سلامت رہتا ہے یا نہیں؟

سوال نمبر 4: کبیرہ گناہوں میں سے کوئی پانچ تحریر کریں

سوال نمبر 5: آنکھ اور زبان کے زنا سے کیا مراد ہے؟ حدیث کی روشنی میں تحریر کریں

سوال نمبر 6: نااہل کو علم دینا کیسا ہے؟ حدیث کی روشنی میں تحریر کریں

سوال نمبر 7: مناقب کا معنی تحریر کریں

سوال نمبر 8: "ما لأحد عندنا يد إلا وقد كافيناه" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 9: "فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم فإذا حبشية تزفن والصبيان حولها" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 10: "دعا رسول الله ﷺ عليا يوم الطائف فانتجاه" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 11: شمائل محمدیہ کی روشنی میں بتائیں کہ آقا ﷺ نے اعلان نبوت کے بعد کتنا عرصہ مکہ اور مدینہ میں قیام فرمایا؟

سوال نمبر 12: حضرت جبریل امین علیہ السلام صحابہ میں سے کس کے مشابہ قرار دیئے گئے؟

سوال نمبر 13: حضور ﷺ کے فرمان کے مطابق بوڑھا کر دینے والی سورتوں کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 14: "قرفصاء" کا معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 15: "وهو مقعٍ من الجوع" عبارت مذکورہ میں مقعٍ کون سا صیغہ ہے؟

سوال نمبر 16: حضور ﷺ نے جن کا گوشت تناول فرمایا ان میں سے تین کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 17: "ألا كل شيء ما خلا الله باطل" یہ کس صحابی کا شعر ہے نشاندہی فرمائیں۔

سوال نمبر 18: "زوجي العشنق، إن أنطق أطلق، وإن أسكت أعلق" اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 19: "لأرمقن صلاة النبي ﷺ" لأرمقن کا معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 20: حضور ﷺ کا بستر مبارک کیسا تھا؟ احادیث کی روشنی میں تحریر کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "نزل القرآن على خمسة أوجه" حدیث کی روشنی میں پانچ صورتوں کی وضاحت تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت پر مشتمل تین احادیث کا خلاصہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: عشرہ مبشرہ کے نام حسبِ مراتب ترتیب وار تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: احادیث کی روشنی میں حضور ﷺ کے سرمہ لگانے اور سرمہ کی کیفیت تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: حضرت ہند بن ابی ہالہ نے حضور کے کلام فرمانے کا انداز جو بیان فرمایا اس کا خلاصہ اپنے انداز میں تحریر کریں۔

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

درجہ: خاصہ سال دوم　پرچہ: تیسرا　مضمون: الفقہ

تاریخ: 27-02-2023　دن: پیر　کل وقت: 30 منٹ　کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: ________

مرکز امتحان: ________ دستخط نگران مرکز امتحان: ________ دستخط مفتش: ________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: مسلمان پر حج زندگی میں کتنی بار فرض ہے؟

(الف) 1　(ب) 2　(ج) 5　(د) ہر سال

سوال نمبر 2: مکی کے لئے حج کا احرام باندھنے کی نزدیک ترین جگہ کونسی ہے؟

(الف) حل　(ب) حرم　(ج) حل و حرم　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: مکی کے لئے عمرہ کا احرام باندھنے کی جگہ کونسی ہے؟

(الف) حل　(ب) حرم　(ج) حل و حرم　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: احرام کے لئے غسل کرنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(الف) فرض　(ب) واجب　(ج) پسندیدہ　(د) لازم

سوال نمبر 5: "لبیک اللھم" مشہور تلبیہ میں ۔۔۔ کرنے کی اجازت ہے۔

(الف) صرف کمی　(ب) صرف زیادتی　(ج) کمی و زیادتی　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: ایک طواف کے کل کتنے چکر ہوتے ہیں؟

(الف) 3　(ب) 5　(ج) 7　(د) 11

سوال نمبر 7: طواف کے کتنے چکروں میں رَمَل ہوتا ہے؟

(الف) 3　(ب) 5　(ج) 7　(د) 11

سوال نمبر 8: طوافِ قدوم مندرجہ ذیل میں سے کس کے لئے سنت ہے؟

(الف) صرف مکی　(ب) صرف غیر مکی　(ج) مکی و غیر مکی　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: سعی کہاں سے شروع ہوتی ہے؟

(الف) صفا　(ب) مروہ　(ج) جہاں سے مرضی　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: حاجی 10 ذی الحجہ کو کتنے جمروں کو کنکری مارے گا؟

(الف) 1　(ب) 2　(ج) 3　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: حاجی کے لئے 11 ذی الحجہ کو کنکری مارنے کا ابتدائی وقت کیا ہے؟

(الف) طلوع فجر کے بعد　(ب) طلوع آفتاب کے بعد　(ج) زوال کے بعد　(د) ظہر کی نماز کے بعد

سوال نمبر 12: وقوفِ عرفہ کا ابتدائی وقت کیا ہے؟

(الف) طلوع فجر کے بعد　(ب) طلوع آفتاب کے بعد　(ج) زوال کے بعد　(د) ظہر کی نماز کے بعد

سوال نمبر13: سعی کے دوران میلین اخضرین پر۔۔۔۔دوڑیں گے۔

(الف) صرف مرد　(ب) صرف عورتیں　(ج) الف اور ب　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: بدنہ جانور۔۔۔۔ کو کہا جاتا ہے۔

(الف) صرف اونٹ　(ب) صرف گائے　(ج) الف اور ب　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: حاجی حج کے احرام میں وقوفِ عرفہ سے پہلے جماع کر لے تو حج۔۔۔۔ ہے۔

(الف) فاسد　(ب) موقوف　(ج) غیر فاسد　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: حاجی حج کے احرام میں شہوت سے عورت کو بوسہ لے لے تو۔۔۔۔لازم آئے گا۔

(الف) بدنہ　(ب) دم　(ج) صدقہ　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: حاجی حج کے احرام میں شہوت سے عورت کو چھو لے تو۔۔۔۔لازم آئے گا۔

(الف) بدنہ　(ب) دم　(ج) صدقہ　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: سب سے افضل حج کونسا ہے؟

(الف) افراد　(ب) تمتع　(ج) قِران　(د) افراد و تمتع

سوال نمبر19: مکی کونسا حج کرے گا؟

(الف) افراد　(ب) تمتع　(ج) قران　(د) افراد و تمتع

سوال نمبر20: حج کی کتنی اقسام ہے؟

(الف) 3　(ب) 4　(ج) 2　(د) 13

سوال نمبر21: حاجی اگر حلق کے بعد، طواف الزیارۃ سے پہلے اپنی عورت سے جماع کر لے تو۔۔۔۔لازم آئے گا۔

(الف) بدنہ　(ب) دم　(ج) صدقہ　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: بے وضو طوافِ رکن کیا تو۔۔۔۔لازم آئے گا۔

(الف) بدنہ　(ب) دم　(ج) صدقہ　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: بے غسل طوافِ رکن کیا تو۔۔۔۔لازم آئے گا۔

(الف) بدنہ　(ب) دم　(ج) صدقہ　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: اگر قارن نے ذبح سے قبل حلق کروایا تو کتنے دم لازم آئیں گے؟

(الف) 1　(ب) 2　(ج) 3　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: اگر محرم نے مکمل ایک دن سلے ہوئے کپڑے پہنے تو۔۔۔۔لازم آئے گا۔

(الف) بدنہ　(ب) دم　(ج) صدقہ　(د) ان میں سے کوئی نہیں

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: خاصہ سال دوم  پرچہ: تیسرا  مضمون: الفقہ

تاریخ: 27-02-2023  دن: پیر  کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ  کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOAR

**حصہ انشائیہ:**

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حج کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 2: تلبیہ کے عربی الفاظ لکھیں۔

سوال نمبر 3: حجِ قِران کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 4: حج تمتع کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 5: محرم کے شکار کرنے پر کیا لازم آئے گا؟ دم/صدقہ یا کچھ اور؟

سوال نمبر 6: محصر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: عمرہ کون کون سے دنوں میں مکروہ ہے؟

سوال نمبر 8: عبادت مالیہ میں نیابت (قائم مقام بنانا) کب جائز ہے؟

سوال نمبر 9: نکاح کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 10: نکاح کے گواہوں کی شرائط لکھیں۔

سوال نمبر 11: حرمت مصاہرت کون کون سی چیزوں سے ہو جاتی ہے؟

سوال نمبر 12: محرم و محرمہ کے آپس میں نکاح کرنے کا شرعی حکم لکھیں۔

سوال نمبر 13: آزاد عورت نکاح میں ہو تو لونڈی سے نکاح کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

سوال نمبر 14: آزاد مرد ایک وقت میں کتنی بیویاں رکھ سکتا ہے؟

سوال نمبر 15: غلام مرد ایک وقت میں کتنی بیویاں رکھ سکتا ہے؟

سوال نمبر 16: نکاح متعہ کا حکم لکھیں۔

سوال نمبر 17: اگر آزاد مکلفہ عورت کفو میں ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 18: نکاح میں مجنونہ کا ولی باپ ہے یا بیٹا؟

سوال نمبر 19: کون کون سی چیزوں میں کفاءت ضروری ہے؟

سوال نمبر 20: کم سے کم مہر کی مقدار بیان کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حج کی شرائط لکھیں۔

سوال نمبر 2: تمام میقاتوں کے نام لکھتے ہوئے بتائیں کہ صبی (بچہ) یا غلام نے احرامِ حج باندھا پھر وہ بالغ و آزاد ہو گئے تو کیا ان کو دوبارہ حج کرنا ہوگا؟

سوال نمبر 3: احرام کی بناء پر لگنے والی 10 پابندیاں لکھیں۔

سوال نمبر 4: محرم کون کون سے جانوروں کو مار سکتا ہے؟ کوئی دس لکھیں۔

سوال نمبر 5: دس محرماتِ نکاح (جن سے نکاح نہیں ہو سکتا) لکھیں۔

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **28-02-2023** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان:__________ دستخط نگران مرکز امتحان:__________ دستخط مفتش:__________

رول نمبر:__________

دستخط طالب علم:__________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: انسب قول کے مطابق آل سے کیا مراد ہے؟

(الف) اہل بیت (ب) عترت رسول ﷺ (ج) ہر مؤمن متقی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: کتاب اللہ میں آیاتِ احکام کی تعداد ہے۔

(الف) سات سو (ب) پانچ سو (ج) تین ہزار (د) پانچ ہزار

سوال نمبر 3: قرآن کی تعریف میں بلاشبهة کی قید تاکید کے لیے ہے۔

(الف) عند الخصاف (ب) عند الجمهور (ج) عند المصنف (د) کسی کے نزدیک نہیں

سوال نمبر 4: فالمؤول في الحقيقة إنما هو من أقسام_________خالی جگہ پر کریں۔

(الف) الخاص (ب) العام (ج) المشترک (د) المجاز

سوال نمبر 5: تقسیمات اربع میں کلمہ کے ساتھ تعلق ہے۔

(الف) تقسیم اول، ثانی کا (ب) تقسیم ثالث، رابع کا (ج) تقسیم اول، ثالث کا (د) تقسیم ثانی، ثالث کا

سوال نمبر 6: لا يحتمل الخاص بيان_________خالی جگہ پر کریں۔

(الف) التقرير (ب) التفسير (ج) التغيير (د) الحال

سوال نمبر 7: قبل از وضو تسمیہ فرض ہے۔

(الف) امام شافعی کے نزدیک (ب) امام مالک کے نزدیک (ج) امام اعظم کے نزدیک (د) اصحاب ظواہر کے نزدیک

سوال نمبر 8: "وَالْمُطَلَّقٰتُ یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ" آیت مبارکہ میں لفظ خاص کی نشاندہی فرمائیں

(الف) قُرُوْٓءٍ (ب) ثَلٰثَةَ (ج) الْمُطَلَّقٰتُ (د) یَتَرَبَّصْنَ

سوال نمبر 9: مصنف منار نے خاص کے حکم پر کتنی تفریعات ذکر فرمائی ہیں؟

(الف) 4 (ب) 7 (ج) 5 (د) 3

سوال نمبر 10: "الرجوع إلى الحالة الأولى____الخ" یہ تعریف ہے۔

(الف) رکوع کی (ب) سجدے کی (ج) عَوْد کی (د) نکاح کے

سوال نمبر 11: بعد از خلع طلاق کس امام صاحب کے نزدیک درست ہیں

(الف) امام شافعی (ب) امام اعظم (ج) امام مالک (د) امام محمد

سوال نمبر 12: لو مات أحدهما قبل الوطي لا يجب المهر لها عند_________خالی جگہ پر کریں۔

(الف) الإمام الأعظم (ب) الإمام الشافعي (ج) الإمام أبي يوسف (د) الإمام مالک

سوال نمبر13: نکاح فاسد کی صورت میں بعد از وطی لازم ہے۔

(الف) مہر مقرر (ب) مہر مثل (ج) متعہ (د) کچھ لازم نہیں آتا

سوال نمبر14: حضور ﷺ کا کسی فعل پر مواظبت فرمانا ثابت کرتا ہے۔

(الف) وجوب کو (ب) فرض کو (ج) ندب کو (د) محض اباحت کو

سوال نمبر15: "ولي قوة روحانية من عند الله أطعم عنده۔۔۔الخ" اس عبارت میں أطعم کون سا صیغہ ہے

(الف) ماضی مجہول (ب) مضارع واحد متکلم معروف (ج) مضارع واحد متکلم مجہول (د) ماضی معروف

سوال نمبر16: امر جب معلق بالشرط ہو تو تکرار کا احتمال رکھتا ہے

(الف) امام شافعی کے نزدیک (ب) امام اعظم کے نزدیک (ج) امام ابو یوسف کے نزدیک (د) کسی کے نزدیک نہیں

سوال نمبر17: "معنى التوحد مرعي في ألفاظ الواحد۔۔۔۔الخ" اس میں لفظ مرعي کا معنٰی ہے۔

(الف) رعایت کی گئی (ب) چراگاہ (ج) دیکھا گیا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: اگر چور تیسری مرتبہ چوری کرے تو امام اعظم کے نزدیک اس کی سزا ہے۔

(الف) بایاں ہاتھ کاٹ دینا (ب) بایاں پاؤں کاٹ دینا (ج) قید خانے میں محبوس کر دینا (د) قتل کر دینا

سوال نمبر19: "فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا۔۔۔۔۔الخ" اس میں قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ کا کیا معنی ہے؟

(الف) نماز قضا کر لی جائے (ب) نماز ادا کر لی جائے (ج) نماز کا فیصلہ کر لیا جائے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: قضاء کے لیے سبب جدید کا ہونا ضروری ہے۔

(الف) امام اعظم کے نزدیک (ب) امام شافعی کے نزدیک (ج) عراقین کے نزدیک (د) کسی کے نزدیک نہیں

سوال نمبر21: تکبیراتِ عید ادا کرتے وقت ہاتھوں کو اٹھانا ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) سنت (د) مباح

سوال نمبر22: "عند المعتزلة الحاكم بالحسن والقبح هو۔۔۔۔۔۔۔"

(الف) الشرع (ب) العقل (ج) العقل والشرع (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: قدرت کی کتنی اقسام ہیں

(الف)3 (ب)4 (ج)2 (د)5

سوال نمبر24: امر مطلق تراخی پر محمول ہوتا ہے

(الف) امام اعظم کے نزدیک (ب) امام کرخی کے نزدیک (ج) عیسی بن ابان کے نزدیک (د) کسی کے نزدیک نہیں

سوال نمبر25: وكذلک صلاة الجنازة في نفسها۔۔۔۔۔۔مشابهة لعبادة الأصنام

(الف) واجبة (ب) بدعة (ج) سنة (د) مستحبة

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _____________

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **28-02-2023** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: صراط مستقیم کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: قیاس مستنبط من کتاب اللہ کی مثال تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: اصول اربعہ کی وجہ حصر تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: نظم اور لفظ میں تعریف کے ذریعے فرق واضح فرمائیں۔

سوال نمبر 5: خاص کی تعریف مع فوائدِ قیود تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: "بطل شرط الولاء۔۔۔۔الخ "عبارت مذکورہ کی روشنی میں ائمہ احناف اور امام مالک کا موقف واضح کریں۔

سوال نمبر 7: روزہ رمضان کے لیے تعیینِ نیت میں شوافع اور احناف کا اختلاف تحریر کریں۔

سوال نمبر 8: نہی قبیح لعینہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: عند الشافعی زنا سے حرمتِ مصاہرت کے ثبوت کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 10: عام کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: مَنْ اور مَا کے استعمال کا فرق واضح کریں۔

سوال نمبر 12: "واللہ لا أكلم أحدا إلا رجلا كوفيا" کس قاعدے کی مثال ہے؟ نشاندہی فرمائیں۔

سوال نمبر 13: "وإذا أعيدت النكرة نكرة كانت الثانية غير الأولى" مذکورہ قاعدے کی مثال تحریر کریں۔

سوال نمبر 14: مشترک میں عموم پایا جاتا ہے یا نہیں؟ بہر صورت ائمہ کے اقوال تحریر کریں۔

سوال نمبر 15: اہل اصول و بلاغت کے نزدیک استعارہ اور مجاز میں فرق واضح کریں۔

سوال نمبر 16: نقل قرآن، صلوات الخمس کس کی مثال ہے نشاندہی فرمائیں۔

سوال نمبر 17: مصراۃ کا مطلب بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ حدیث مصراۃ کس کی مثال ہے؟

سوال نمبر 18: حقوق العباد کی اقسام تحریر کریں۔

سوال نمبر 19: تقریرِ اصول کسے کہتے ہیں؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر 20: بیان تقریر کی تعریف تحریر کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: کفار ایمان و دیگر احکامِ شرع کے مخاطب ہوتے ہیں یا نہیں؟ بہر صورت تفصیل تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: حقیقت کو ترک کر دینے کی صورتیں مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: "إذا تعارض المثبت والنافي۔۔۔۔الخ "مذکورہ مسئلہ میں ائمہ کا موقف واضح کریں۔

سوال نمبر 4: مجہول راوی کے اعتبار سے سنت کی اقسام تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: نسخ کی صورتیں مع امثلہ تحریر کریں۔

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنز المدارس بورڈ پاکستان

KANZUL MADARIS BOAR

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: پانچواں | مضمون: النحو

تاریخ: 01-03-2023 | دن: بدھ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: ____________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: کافیہ کے مصنف ہیں۔

(الف) ابن حاجب (ب) امام رازی (ج) ابن یزدی (د) عبد الرحمٰن جامی

سوال نمبر 2: صاحب کافیہ کا سن وفات ہے۔

(الف) 642ھ (ب) 643ھ (ج) 645ھ (د) 646ھ

سوال نمبر 3: ذومال میں "ذو" کس طرف مضاف ہو تو اعراب الف 'واو' یاء کے ساتھ آتا ہے۔

(الف) اسم ظاہر (ب) اسم ضمیر (ج) یائے متکلم (د) غیر یائے متکلم

سوال نمبر 4: "مررت بنسوۃ اربع" میں "اربع" ہے۔

(الف) منصرف (ب) غیر منصرف (ج) دونوں جائز (د) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر 5: "و خالف سیبویہ۔۔۔۔۔۔ فی مثل احمر" امام سیبویہ نے مثل احمر میں کس کی مخالفت کی ہے؟

(الف) خلیل کی (ب) یونس کی (ج) اخفش کی (د) زجاج کی

سوال نمبر 6: فاعل کو کتنی صورتوں میں مؤخر کرنا واجب ہے؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر 7: مبتدا میں اصل یہ ہے کہ وہ ہو۔

(الف) مرفوع (ب) مقدم (ج) مؤخر (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 8: خبر اگر جار مجرور ہو تو اکثر کے نزدیک کس کی تاویل میں ہو گی؟

(الف) لفظ کہ (ب) اسم کی (ج) فعل کی (د) جملہ کی

سوال نمبر 9: منصوبات کس علامت پر مشتمل ہوتے ہیں؟

(الف) فتحہ کی (ب) نصب کی (ج) مفعولیۃ کی (د) الف ب ج

سوال نمبر 10: "صاحبها فی الدار" جیسی مثال۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) واجب (د) الف اور ج

سوال نمبر 11: خبر پر فاء کا لانا صحیح ہے اگر مبتدا ہو۔

(الف) فاعل کے معنی میں (ب) مفعول کے معنی میں (ج) ظرف کے معنی میں (د) شرط کے معنی میں

سوال نمبر 12: مفعول مطلق میں "فالاول لا یثنی" سے مراد ہے۔

(الف) مفعول مطلق عددی (ب) نوعی (ج) تاکیدی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 13: جو منادی یائے متکلم کی طرف مضاف ہو اس میں کتنی صورتیں جائز ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 14: "لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا" میں الا کو کس معنی میں لینا متعذر ہے؟

(الف) فاعل کے معنی میں (ب) مفعول کے معنی میں (ج) صفت کے معنی میں (د) استثناء کے معنی میں

سوال نمبر 15: وقد یحذفان معا فی مثل "نعم" لمن قال (اقام زید) میں "یحذفان" سے کیا مراد ہے؟

(الف) فعل (ب) فاعل (ج) مفعول (د) الف، ب

سوال نمبر 16: "الخبر ھو المجرد" خبر کس چیز سے خالی ہوتی ہے؟

(الف) عامل لفظی سے (ب) عامل معنوی سے (ج) مبتدا سے (د) الف، ب

سوال نمبر 17: "الھلال واللہ" میں محذوف ہے۔

(الف) حرف جر (ب) مبتدا (ج) خبر (د) تینوں

سوال نمبر 18: جب جملہ اسمیہ حال بن رہا ہو تو حال میں ضروری ہے۔

(الف) واو کا ہونا (ب) ضمیر کا ہونا (ج) قد کا ہونا (د) الف، ب

سوال نمبر 19: ممیّز کی اضافت جائز اگر وہ ہو۔

(الف) تنوین کے ساتھ (ب) نون تثنیہ کے ساتھ (ج) نون جمع کے ساتھ (د) الف، ب

سوال نمبر 20: منادی کی ترخیم جائز ہے مگر شرط ہے کہ منادی نہ ہو۔

(الف) مضاف (ب) مستغاث (ج) جملہ (د) الف، ب، ج

سوال نمبر 21: "حرف وا" کو خاص کیا گیا ہے۔

(الف) مستغاث کے ساتھ (ب) منادی کے ساتھ (ج) مندوب کے ساتھ (د) الف، ب، ج

سوال نمبر 22: مفعول لہ کن کے نزدیک مفعول مطلق میں داخل ہے؟

(الف) خلیل (ب) زجاج (ج) سیبویہ (د) الف، ب، ج

سوال نمبر 23: حال کے اندر عامل ہوتا ہے۔

(الف) فعل (ب) شبہ فعل (ج) معنی فعل (د) الف، ب، ج

سوال نمبر 24: مقدار سے مراد ہے۔

(الف) عدد و وزن (ب) کیل و مساحۃ (ج) مقیاس (د) الف، ب، ج

سوال نمبر 25: استثناء میں غیر کا اعراب ہوگا۔

(الف) مستثنی منہ کی طرح (ب) مستثنی کی طرح (ج) مرفوع (د) الا کے ساتھ مستثنی کی طرح

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: پانچواں | مضمون: النحو

تاریخ: 01-03-2023 | دن: بدھ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: رفع، نصب، اور جر کس چیز کی علامات ہیں؟

سوال نمبر 2: "ویجوز صرفه للضرورة او للتناسب" کی مثال سے وضاحت کریں۔

سوال نمبر 3: "وخالف سیبویه الاخفش فی مثل احمر" میں مثل احمر سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: مبتدا کی قسم ثانی کی تعریف مع مثال لکھیں؟

سوال نمبر 5: "وان کان مرکبا حذف الاسم الاخیر وان کان غیر ذلک فحذف واحد وھو فی حکم الثابت علی الاکثر فیقال یا حار ویا ثمو دویا کرو" اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 6: منادی جب یائے متکلم کی طرف مضاف ہو تو کتنی اور کونسی صورتیں جائز ہیں۔

سوال نمبر 7: کن جگہوں میں حرف ندا کو حذف کرنا جائز نہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

سوال نمبر 8: "خلافا للزجاج فانه عنده مصدر" عبارت کی وضاحت اس انداز سے کریں کہ بات واضح ہو جائے۔

سوال نمبر 9: حال میں عامل کیا ہوتا ہے؟ مع امثلہ لکھیں۔

سوال نمبر 10: "لاحول ولاقوۃ الا باللہ" کی مثل میں کتنی اور کونسی وجوہ جائز ہیں؟

سوال نمبر 11: صفت کے کتنے اور کونسے فائدے ہیں؟ مع امثلہ ذکر کریں۔

سوال نمبر 12: "کل" اور "اجمع" کے ساتھ کس کی تاکید آسکتی ہے اور کس کی نہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

سوال نمبر 13: ضمیر فصل کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ ضمیر فصل کیوں لائی جاتی ہے؟

سوال نمبر 14: کس کس جگہ "الذی" سے خبر دینا ممتنع ہے؟

سوال نمبر 15: کم استفہامیہ اور کم خبریہ کب مرفوع، کب منصوب اور کب مجرور ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 16: وہ اسم جس کے آخر میں الف مقصورہ یا ممدودہ ہو اس سے تثنیہ کیسے بنتی ہے؟

سوال نمبر 17: "فاذا اضیف فله معنیان احدھما وھو الاکثر ان تقصد به الزیادۃ علی من اضیف الیه فیشترط ان یکون منھم مثل زید افضل الناس" ترجمہ کریں

سوال نمبر 18: کتنی اور کونسی جگہوں پر "ان" مقدر ہوتا ہے؟

سوال نمبر 19: فعل متعدی کی اقسام ثلاثہ مع امثلہ لکھیں۔

سوال نمبر 20: "امام سیبویہ کے نزدیک "ما افعله" کی ترکیب کیا ہو گی؟ مکمل ترکیب کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "وحضاجر علما للضبع غیر منصرف لانه منقول للجمع وسراویل اذا لم یصرف۔۔۔۔۔الخ"
وضاحت اس انداز سے کریں کہ عبارت کی غرض واضح ہو جائے؟

سوال نمبر 2: "لو کان فیھما الھة الا اللہ لفسدتا" لفظ "الا" کتنے اور کونسے معنی کیلئے آتا ہے، نیز یہاں کونسا معنی متعذر ہے؟ وجہ بھی بیان کریں۔

سوال نمبر 3: اضافت لفظیہ و معنویہ کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ اضافت لفظیہ و معنویہ کے کیا فائدے ہیں؟

سوال نمبر 4: صفت مشبہ کی 18 صورتیں مثالوں کی صورت میں تحریر کریں نیز بتائیں کہ احسن، حسن، اور قبیح کونسی ہیں؟

سوال نمبر 5: افعال ناقصہ کی تعریف لکھیں نیز بتائیں "کان" کب ناقصہ، کب تامہ، اور کب زائدہ ہوتا ہے؟ امثلہ کے ساتھ وضاحت کریں۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **المنطق+البلاغۃ**

تاریخ: **02-03-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **30منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتش: __________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=25x1)**

سوال نمبر 1: علم بلاغت اور اس کے توابع کس اعتبار سے تمام علوم سے دقیق ہیں؟

(الف) اسرار کے اعتبار سے (ب) مرتبہ کے اعتبار سے (ج) ضخامت کے اعتبار سے (د) کسی اعتبار سے نہیں

سوال نمبر 2: فصاحت سے کتنی اشیاء موصوف ہوتی ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 3: وفاحمًا ومرْسِنًا ومسرَّجًا کس صورت کی مثال ہے؟

(الف) تنافر حروف (ب) غرابت (ج) تعقید لفظی (د) مخالفت قیاس

سوال نمبر 4: "لیس قرب قبر حرب قبر" کس کی مثال ہے؟

(الف) ضعف تالیف (ب) تنافر کلمات (ج) تعقید لفظی (د) تینوں

سوال نمبر 5: ہر بلیغ فصیح ہوتا ہے لیکن ہر فصیح __________

(الف) بلیغ ہوتا ہے (ب) بلیغ نہیں ہوتا (ج) ضروری نہیں کہ بلیغ ہو (د) اس میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: مقصود معانی کی ادائیگی میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

(الف) علم المعانی (ب) علم بدیع (ج) علم بیان (د) ان سب سے

سوال نمبر 7: جب مخاطب کے ذہن میں کوئی شک وانکار نہ ہو تو اس کے لئے لائی جانے والی خبر کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) ابتدائی (ب) طلبی (ج) انکاری (د) تینوں

سوال نمبر 8: جسے کوئی بات معلوم ہو اسے نادان سمجھ کر کلام کرنے کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

(الف) موجب علم پر عمل کرنا (ب) موجب علم پر عمل نہ کرنا (ج) تحقیر کیلئے (د) سکھانے کیلئے

سوال نمبر 9: فعل یا معنی فعل کے ملابسات جو مجاز عقلی میں استعمال ہوتے ہیں وہ کتنے ہیں؟

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

سوال نمبر 10: مجاز عقلی کس میں پایا جاتا ہے؟

(الف) خبر میں (ب) انشاء میں (ج) دونوں میں (د) دونوں میں نہیں

سوال نمبر 11: "سَرَّتنِي رُؤْيَتُكَ" میں حقیقت کی معرفت ہے۔

(الف) ظاہر (ب) خفی (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 12: مسند الیہ کے متعین ہونے کی وجہ سے اسے۔

(الف) حذف کردیتے ہیں (ب) ذکر کرتے ہیں (ج) معرفہ لاتے ہیں (د) نکرہ لاتے ہیں

سوال نمبر13: استغراق کی قسمیں ہیں۔

(الف) حقیقی و عرفی (ب) حقیقی و غیر حقیقی (ج) حقیقی و معنوی (د) حقیقی اور اعتباری

سوال نمبر14: رسالہ شمسیہ مشتمل ہے۔

(الف) ایک مقدمہ، تین مقالے اور ایک خاتمہ (ب) ایک مقدمہ ایک مقالہ

(ج) ایک مقدمہ دس مقالے (د) ایک مقدمہ نو مقالات

سوال نمبر15: "لو لم یعلم غایۃ العلم و الغرض منہ لکان طلبہ۔۔۔۔۔" عبارت مکمل کریں۔

(الف) عبثًا (ب) ممیزًا (ج) خلافًا (د) أولی

سوال نمبر16: "حصول صورۃ الشیء فی العقل" تعریف ہے۔

(الف) تصدیق کی (ب) اسناد کی (ج) موضوع کی (د) تصور ساذج کی

سوال نمبر17: ایجاب سے مراد ہے۔

(الف) إسناد أمر إلی أمر (ب) انتزاع النسبۃ (ج) إیقاع النسبۃ (د) مطابقۃ النسبۃ

سوال نمبر18: امام فخر الدین رازی قدس سرہ کے نزدیک تصور طرفین تصدیق کیلئے ہیں۔

(الف) شرط (ب) شطر (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: "الموقوف علی المحال۔۔۔۔۔۔" عبارت مکمل کریں۔

(الف) واجب (ب) لازم (ج) ممکن (د) محال

سوال نمبر20: منطق کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) آلہ رسمیہ (ب) آلہ مؤثرہ (ج) آلہ نظریہ (د) آلہ قانونیہ

سوال نمبر21: وربَمایحصلُ إدراکُ النسبۃ بدون۔۔۔۔۔إلخ

(الف) الحکم (ب) التصوُّر (ج) الموضوع (د) التصدیق

سوال نمبر22: امام قطب الدین رازی قدس سرہ نے لزوم دور یا لزوم تسلسل کے ذریعے وجہ بیان فرمائی ہے۔

(الف) تمام تصورات کے نظری ہونے (ب) تمام تصدیقات کے بدیہی ہونے

(ج) بعض کے نظری اور بعض کے بدیہی ہونے پر (د) ایک کے بدیہی اور ایک کے نظری ہونے پر

سوال نمبر23: رسالہ شمسیہ کے مصنف کا نام بیان فرمائیں۔

(الف) علی بن عمر (ب) عبد اللہ بن عمر (ج) احمد بن علی (د) یوسف بن علی

سوال نمبر24: مصنف کتاب نے علم کی تقسیم مشہور پر کتنے وجوہ سے اعتراض وارد ہونے کی وجہ سے عدول کیا اور اپنی ایک تقسیم ذکر فرمائی۔

(الف) تین (ب) چار (ج) دو (د) ایک

سوال نمبر25: شارح رسالہ شمسیہ کا سن ولادت ہے۔

(الف) 694ھ (ب) 596ھ (ج) 760ھ (د) 692ھ

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **المنطق+البلاغۃ**

تاریخ: **02-03-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مقدمہ میں کتنی اور کون کون سی ابحاث ہیں؟ صرف انکے عنوانات لکھیں۔

سوال نمبر 2: نظر و فکر کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: تسلسل کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 4: "وليس كله بديهيا وإلا لاستغنى عن تعلمه ولا نظريا وإلا لدار أو تسلسل بل بعضه بديهي وبعضه نظري مستفاد منه" اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 5: اہل میزان موضوع کو (ج) اور محمول کو (ب) سے تعبیر کرتے ہیں اس کے دو فائدے تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: لا يقالُ: "المقدمةُ كانت معقودةً لذكر الأقسام الأوَّلية والمتصلة والمنفصلة ليست من الأقسام الأوَّلية بل من أقسام قسمها أعني الشرطية

اس عبارت کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 7: "ثم الرابطة أداةٌ لأنَّها تدلُّ على النسبة الرابطة وهي غير مستقلة لتوقفها على المحكوم عليه وبه لكنَّها قد تكونُ في قالب الاسم كهو في المثال المذكور وتسمَّى غيرَ زمانية" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 8: منطق کی اصطلاح میں موصل الی التصور اور موصل الی التصدیق کس کو کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 9: ذات موضوع اور وصف موضوع کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 10: شیخ رئیس ابن سینا نے اپنی کتاب "منطق الشفاء" میں قضیہ حملیہ کی موضوع کے اعتبار سے کتنی اور کون کون سی اقسام بیان کی ہیں؟

سوال نمبر 11: فصاحت فی المفرد کی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 12: علم المعانی کن آٹھ ابواب میں منحصر ہے؟ صرف ان ابواب کے اسماء تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر 13: حقیقت عقلیہ کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 14: "هِي عصاي" کس صورت کی مثال ہے؟ توضیح کریں۔

سوال نمبر 15: "والَّذي حارت البريةُ فيه حيوان مستحدث من جماد" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 16: "وذالک لئلَّا يلزم ترجيح التأكيد على التأسيس لأنَّ الموجبة المهملة المعدولة المحمول في قوة السالبة الجزئية المستلزمة نفي الحكم عن الجملة دون كل فرد" اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 17: "عرضتُ النَّاقة على الحوض" یہاں قلب کیسے ہوا ہے؟ وضاحت فرمائیں۔

سوال نمبر 18: تغلیب کی کوئی ایک مثال تحریر کریں۔

سوال نمبر 19: "ضرب غلامه زيدًا" کس چیز کی مثال ہے؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 20: "وليس الذكر كالأنثى" کس صورت کی مثال ہے؟۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: تصدیق کی حقیقت میں حضرت امام فخر الدین الرازی قدس سرہ اور فلاسفہ کا اختلاف پایا گیا ہے۔ آپ اس اختلاف کو ذکر کریں،

اور امام رازی قدس سرہ اور حکماء کے مسلک میں فرق وضاحت کیساتھ ذکر کریں۔

سوال نمبر 2: سالبہ جزئیہ کے تینوں اسوار "بعض لیس"، "لیس بعض"، اور "لیس کل" کے درمیان فرق بیان کریں۔

سوال نمبر 3: مسند کے ترک (حذف) کی کوئی چار صورتیں مع امثلہ بیان فرمائیں۔

سوال نمبر 4: متکلم سے مخاطب، متکلم سے غائب، مخاطب سے متکلم اور مخاطب سے غائب کی طرف التفات کی مثالیں تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: غیر سائل کو سائل کے اور غیر منکر کو منکر کے درجے میں اتار کر کب کلام کیا جاتا ہے؟ مثالیں دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>کنز المدارس بورڈ پاکستان<br>درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **علوم القرآن+التفسیر**<br>تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: ____________ | رول نمبر: ____________<br>دستخط طالب علم: ____________ |

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: علم تفسیر تمام علوم میں حیثیت رکھتا ہے۔

(الف) اشرف واجل (ب) اکثر واتم (ج) افصح وابلغ (د) اعظم واکرم

سوال نمبر 2: مکی اور مدنی سورتوں کی معرفت میں اصطلاحات ہیں۔

(الف) دو (ب) ایک (ج) پانچ (د) تین

سوال نمبر 3: صیفی آیتوں میں سے یہ بھی ہے۔

(الف) آیۃ الکلالۃ (ب) آیۃ تحویل القبلۃ (ج) آیۃ التیمم (د) آیۃ الصلاۃ

سوال نمبر 4: صحابہ کرام اسباب نزول کی معرفت میں ۔۔۔ ہیں۔

(الف) مرجع اول (ب) مرجع آخر (ج) مرجع اول وآخر (د) ائمہ

سوال نمبر 5: "أواہ" کون سی زبان کا لفظ ہے؟

(الف) حبشی (ب) فارسی (ج) عربی (د) سریانی

سوال نمبر 6: کس کی قراءت قراءتِ موضوع کہلاتی ہے؟

(الف) قراءت خزاعی (ب) قراءت سعید (ج) قراءت ابن عمرو (د) قراءت سوسی

سوال نمبر 7: "أصح القراءات سندا" سند کے اعتبار سے سب سے زیادہ صحیح کس کی قراءت ہے؟

(الف) نافع وعاصم (ب) ابن کثیر (ج) ابو عمرو (د) کسائی

سوال نمبر 8: تفسیر پڑھنے سے پہلے تفسیر کی اصطلاحات کو جاننا ضروری ہے تاکہ انسان ۔۔۔ پر ہو جائے۔

(الف) رہنمائی (ب) ہدایت (ج) بصیرت تامہ (د) قوت فیصلہ

سوال نمبر 9: غزوہ بئر معونہ میں صحابہ کرام شہید ہوئے۔

(الف) 80 (ب) 90 (ج) 70 (د) 100

سوال نمبر 10: عرش الٰہی کس صحابی کے لیے ہلا تھا؟

(الف) حضرت حنظلہ (ب) حضرت طلحہ (ج) حضرت سعد بن معاذ (د) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 11: کون سی جگہ قرآن پاک کی قراءت کرنا سنت ہے؟

(الف) مکان نظیف (ب) اونچی جگہ (ج) مدرسہ (د) ہر جگہ

سوال نمبر 12: تلاوت قرآن کے وقت رونا یا رونے جیسی صورت بنانا ہے۔

(الف) مستحب (ب) سنت (ج) حرام (د) مکروہ

سوال نمبر13: مکی اور مدنی سورتوں کی پہچان کے لیے علماء کرام نے کتنی علامات لکھی ہیں؟

(الف) پانچ (ب) چھ (ج) سات (د) آٹھ

سوال نمبر14: ﴿فَانۡطَلَقَا حَتّٰۤی اِذَاۤ اَتَیَاۤ اَهۡلَ قَرۡیَةٍ﴾ میں "قَرۡیَة" سے مراد ہے۔

(الف) مصر (ب) شام (ج) انطاکیہ (د) روم

سوال نمبر15: گرتی ہوئی دیوار کے نیچے جو کنز مدفون تھا اس کی تفسیر ہے۔

(الف) سونا اور چاندی (ب) ہیرے (ج) علمی صحائف (د) سونے کی تختیاں

سوال نمبر16: ذوالقرنین رضی اللہ عنہ کا نام ہے۔

(الف) اسکندر (ب) طالوت (ج) جالوت (د) الملک الاعظم

سوال نمبر17: یاجوج وماجوج دو۔۔۔کا نام تھا۔

(الف) قبیلوں (ب) بادشاہوں (ج) شخصوں (د) کافروں

سوال نمبر18: ﴿وَ لَوۡ جِئۡنَا بِمِثۡلِهٖ مَدَدًا﴾ میں "مَدَدًا"۔۔۔ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

(الف) تمییز (ب) مفعول بہ (ج) حال (د) معطوف

سوال نمبر19: حضرت زکریا علیہ السلام نے لوگوں سے کلام نہیں کیا۔

(الف) 3 دن (ب) 2 دن (ج) 5 دن (د) 3 دن اور 3 راتیں

سوال نمبر20: اخت ہارون کس کا لقب ہے؟

(الف) بی بی مریم (ب) بی بی زینب (ج) بی بی آسیہ (د) بی بی آمنہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر21: **غَیّ** کا معنی مفسر نے کیا ہے۔

(الف) وادی جہنم (ب) خرابی (ج) پیپ (د) عذاب

سوال نمبر22: **وِرۡدًا** کون سا صیغہ ہے؟

(الف) جمع مکسر (ب) مصدر (ج) اسم جمع (د) اسم آلہ

سوال نمبر23: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس سفر کے دوران آگ دیکھی تھی؟

(الف) مدین سے مصر (ب) مدین سے شام (ج) مصر سے فلسطین (د) مدین سے مکہ

سوال نمبر24: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کتنی نشانیاں دی گئی تھیں؟

(الف) نو (ب) دس (ج) آٹھ (د) چار

سوال نمبر25: من اور سلویٰ کا معنی مفسر نے کیا ہے۔

(الف) ترنجبین و آسمانی پرندہ (ب) شہد و مچھلی (ج) شہد (د) مچھلی

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: پہلا | مضمون: علوم القرآن+التفسیر

تاریخ: 12-02-2024 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75


رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم تفسیر کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: مکی اور مدنی سورتوں کی پہچان کے متعلق دو فوائد ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 3: اسباب نزول کی پہچان کے دو فوائد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: جن چار انصاری صحابہ نے عہد رسول میں قرآن کو جمع کیا تھا ان کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: قراءت متواترہ کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: حدر کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: "عن أم سلمة رضي الله عنها أنها نعتت قراءة النبي قراءة مفسرة حرفا حرفا" مذکورہ عبارت کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: قرآن پاک کی تلاوت دیکھ کر کرنا افضل ہے یا زبانی؟ بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 9: قرآن میں لفظ "الھدیٰ" کتنے معانی میں استعمال ہوا ہے؟ کوئی سے تین معانی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: "أباريق" کس زبان کا لفظ ہے؟

سوال نمبر 11: حضرت خضر علیہ السلام نے جس دیوار کو سیدھا کیا اس کی بلندی کتنی تھی؟

سوال نمبر 12: حضرت زکریا علیہ السلام اور آپ کی زوجہ کو کس عمر میں بیٹے کی خوشخبری دی گئی؟

سوال نمبر 13: سورۃ مریم میں مذکور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے اوصاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: ﴿لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ﴾ مذکورہ آیت کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: "اُف" کا کیا معنی ہے؟

سوال نمبر 16: حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے کیا کیا چیزیں مسخر کر دی گئی تھیں؟

سوال نمبر 17: "وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ یا محمد اِلَّا رَحْمَةً ای للرحمة لِّلْعٰلَمِیْنَ الانس و الجن بک" آیت کی تفسیر کی اغراض مفسر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: "الرکّع"، "السجود" کون سے صیغے ہیں اور ان کی تفسیر کیا ہے؟

سوال نمبر 19: "هيهات هيهات" کون سے صیغے ہیں نیز ان کا معنی کیا ہے؟

سوال نمبر 20: حضرت ابراہیم اور لوط علیہما السلام کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟ بیان کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: قرآن پاک میں سب سے پہلے کیا نازل ہوا؟ چاروں اقوال تحریر کرتے ہوئے صحیح قول کی نشاندہی دلیل سے کیجئے۔

سوال نمبر 2: کیا سبب نزول، تحدید حکم کے لیے اثر رکھتا ہے؟ وضاحت سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: اصول تفسیر کے اعتبار سے لفظ کو نکرہ لانے کے کل اسباب کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کو مثال سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4: ﴿قد افلح المومنون﴾ (سورۃ النور) اس میں کامیاب مومنوں کی کتنی اور کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟ تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: "اَلَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ عن الناس أي في الخلاء عنهم وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ أى أهوالها مُشْفِقُوْنَ أي خائفون وَهٰذَا أى القرآن ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ الاستفهام فيه للتوبيخ"

مکمل عبارت میں تفسیری الفاظ پر اعراب لگا آیات و تفسیر کا ترجمہ کیجئے نیز اغراض مفسر بیان کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ <br> دستخط طالب علم: __________ | **سالانہ امتحان2024ء/1445ھ** <br> **کنز المدارس بورڈ پاکستان** <br> درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: دوسرا مضمون: **الحدیث الشریف+علوم الحدیث** <br> تاریخ: **13-02-2024** دن: منگل کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25** <br> مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________ | KANZUL MADARIS BOARD |

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: جس حدیث کی انتہاء صحابی پر ہو اسے کہا جاتا ہے۔

(الف) مرفوع (ب) موقوف (ج) مقطوع (د) مرسل

سوال نمبر 2: امام طحاوی کی کتاب جو احادیث نبویہ اور آثار صحابہ کے بیان پر مشتمل ہے اس کا نام ہے۔

(الف) تہذیب الآثار (ب) شرح معانی الآثار (ج) احکام القرآن (د) آثار السنن

سوال نمبر 3: صحابی کوئی ایسا کام کرے جس میں اجتہاد کی گنجائش نہ ہو وہ رفع کی کونسی قسم کہلاتی ہے؟

(الف) قولی صریح (ب) فعلی صریح (ج) فعلی حکمی (د) تقریری حکمی

سوال نمبر 4: اگر راوی تابعی کے بعد ساقط ہو تو اس حدیث کو کہتے ہیں۔

(الف) منقطع (ب) معلق (ج) مرسل (د) متصل

سوال نمبر 5: "إن کان السقوط من اثناء الاسناد فان کان الساقط اثنین متوالیا یسمی۔۔۔"

(الف) منقطع (ب) معضل (ج) مرسل (د) مدلس

سوال نمبر 6: راوی نے اپنے جس شیخ سے حدیث سنی اس کا نام ذکر نہ کرے بلکہ اس کے مافوق سے روایت کرے تو ایسی حدیث کو کہا جاتا ہے۔

(الف) مضطرب (ب) متابع (ج) مدلس (د) معنعن

سوال نمبر 7: "رواہ ضعیف مخالف لمن ھو اضعف منه" یہ تعریف ہے حدیث۔۔۔کی۔

(الف) معروف (ب) محفوظ (ج) شاذ (د) منکر

سوال نمبر 8: جو ملکہ انسان کو تقویٰ اختیار کرنے پر ابھارتا ہے اسے کہتے ہیں۔

(الف) ضبط (ب) مروءت (ج) عدالت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: عدالت سے متعلقہ وجوہ طعن کی تعداد ہے۔

(الف) سات (ب) چار (ج) پانچ (د) آٹھ

سوال نمبر 10: جس راوی پر کذب کا طعن ہو اس کی حدیث کا نام ہے۔

(الف) موضوع (ب) موقوف (ج) متروک (د) ضعیف

سوال نمبر 11: اگر حدیثِ صحیح کا راوی ایک ہو تو اسے کہا جاتا ہے

(الف) عزیز (ب) مشہور (ج) غریب (د) شاذ

سوال نمبر 12: حدیث عزیز میں راویوں کی تعداد ہوتی ہے

(الف) تین (ب) دو (ج) ایک (د) لا تعداد

سوال نمبر13: حدیثِ غریب کا دوسرا نام ہے

(الف) مشہور (ب) فرد (ج) غیر شاذ (د) ضعیف

سوال نمبر14: مشرکین کی اولاد مرنے کے بعد کہاں جائے گی؟ مشکوۃ کی حدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

(الف) جنت میں (ب) دوزخ میں (ج) جنت و دوزخ کے درمیان (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: اللہ نے سب سے پہلے پیدا کیا۔

(الف) لوح کو (ب) قلم کو (ج) آدم علیہ السلام کو (د) فرشتوں کو

سوال نمبر16: تقدیر کے منکر کے لیے حدیث پاک میں عذاب بیان کیا گیا ہے۔

(الف) پتھر برسنے کا (ب) قحط میں مبتلا ہونے کا (ج) زمین میں دھنسنے کا (د) تیز آندھی آنے کا

سوال نمبر17: "إن مرضوا فلاتعودھم وإن ماتوا فلاتشھدوھم" یہ حکم ہے۔

(الف) عیسائیوں کے بارے میں (ب) مشرکین کے بارے میں (ج) قدریہ کے بارے میں (د) ذمی کافروں کے بارے میں

سوال نمبر18: حدیث پاک میں لفظ "الوائدۃ" کا کیا معنی ہے؟

(الف) مردے کو دفن کرنا (ب) مردے کو نہلانا (ج) زندہ بچے کو دفن کرنے والی (د) مردہ بچہ

سوال نمبر19: "وأن تری الحفاۃ العراۃ العالۃ رعاء الشاء" حدیث پاک میں مذکور یہ کس کی نشانی بتائی گئی ہے؟

(الف) عذاب کی (ب) قربِ قیامت کی (ج) شدید گرمی کی (د) نور کی

سوال نمبر20: حضرت آدم علیہ السلام کے سوال پر حضرت داؤد علیہ السلام کی کتنی عمر بیان کی گئی؟

(الف) 50 سال (ب) 60 سال (ج) 45 سال (د) 63 سال

سوال نمبر21: حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی عمر کے کتنے سال حضرت داؤد علیہ السلام کو دیئے؟

(الف) 10 سال (ب) 15 سال (ج) 40 سال (د) 60 سال

سوال نمبر22: قال: "أن تؤمن باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ" حدیث پاک میں یہ معنی کس کا بیان کیا گیا ہے؟

(الف) اسلام کا (ب) ایمان کا (ج) احسان کا (د) ساعت کا

سوال نمبر23: اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے؟

(الف) تین (ب) چھ (ج) پانچ (د) سات

سوال نمبر24: ایمان کی اعلیٰ درجے کی شاخ کون سی ہے؟

(الف) إماطۃ الأذی عن الطریق (ب) الحیاء (ج) قول لا الہ الا اللہ (د) الصلاۃ

سوال نمبر25: "من صلی صلاتنا واستقبل قبلتنا وأکل ذبیحتنا" حدیث پاک میں یہ کس کی صفت بیان کی گئی ہے؟

(الف) مسلم کی (ب) کتابی کی (ج) غلام کی (د) آزاد کی

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

## سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

## کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: خاصہ سال دوم　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: الحدیث الشریف+علوم الحدیث

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حضور کے قول، فعل اور تقریر کو حدیث کہتے ہیں، اس میں تقریر کا کیا معنی ہے؟

سوال نمبر 2: خبر و حدیث میں کیا فرق ہے؟ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 3: جمہور محدثین کے نزدیک حدیث مرسل کا کیا حکم ہے؟ مع دلیل تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 4: مدلس کی روایت کا حکم بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5: صحیح لذاتہ اور صحیح لغیرہ کی تعریف بیان کیجیے۔

سوال نمبر 6: تقویٰ کی تعریف بیان کیجیے۔

سوال نمبر 7: درجات الصحاح میں کوئی سے چھ درجات بیان کیجیے۔

سوال نمبر 8: مستدرک للحاکم میں امام ابو عبداللہ نیشاپوری نے کون سی احادیث کو ذکر کیا ہے؟

سوال نمبر 9: عن جابر رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: "ثنتان موجبتان قال رجل: ما الموجبتان؟ قال: من مات يشرک بالله شيئا دخل النار ومن مات لا يشرک بالله دخل الجنة" مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجیے۔

سوال نمبر 10: حدیث پاک کے مطابق افضل اسلام کس کا ہے، افضل ایمان کون سا ہے اور افضل نماز کون سی ہے؟

سوال نمبر 11: قال رسول الله ﷺ: "ستة لعنتهم و لعنهم الله و کل نبي يجاب" مذکورہ حدیث کی روشنی میں بتائیے کہ چھ ملعون اشخاص کون سے ہیں؟

سوال نمبر 12: قال رسول الله ﷺ: "الوائدة و الموءودة في النار" مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجیے۔

سوال نمبر 13: منافق و کافر سے جب کہا جائے گا: "ما کنت تقول في هذا الرجل" تو یہ کیا جواب دیں گے اور فرشتے ان کے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟

سوال نمبر 14: قال رسول الله ﷺ: "أبغض الناس إلى الله ثلاثة ملحد في الحرم و مبتغ في الإسلام سنة الجاهلية و مطلب دم امرء مسلم بغير حق" اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجیے۔

سوال نمبر 15: جب اہل کتاب نے عبرانی زبان میں تورات کو پڑھا اور مسلمانوں کے لیے عربی زبان میں اس کی تفسیر کی تو اس موقع پر پیارے آقا ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 16: قال رسول الله ﷺ: "إن الإيمان ليأرز إلى المدينة کما تأرز الحية إلى جحرها" مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر لفظی ترجمہ کیجیے۔

سوال نمبر 17: حضور ﷺ نے فرمایا: "قرآن پاک 5 صورتوں (أوجه) پر نازل کیا گیا" بتائیے وہ پانچ صورتیں کون سی ہیں؟

سوال نمبر 18: حدیث رسول ﷺ کے مطابق قابل رشک کون سے دو مرد ہیں؟

سوال نمبر 19: "خصلتان لا يجتمعان في منافق" کون سی دو خصلتیں منافق میں جمع نہیں ہوتی۔

سوال نمبر 20: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کے مطابق اسلام کو گرانے والی کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: کوئی سی پانچ تعریفات تحریر کیجیے۔　مضطرب　مدرج　معضل　مرسل　متصل　مرفوع　مقطوع

سوال نمبر 2: ضبط سے متعلق کتنے وجوہ طعن ہیں؟ ان کے نام مع تعریفات تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 3: عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: إن وفد عبد القيس لما أتوا النبي قال رسول الله ﷺ: "من القوم قالوا ربيعة قال: مرحبا بالقوم غير خزايا قالوا يا رسول الله: إنا لا نستطيع أن نأتيک إلا في الشهر الحرام و بيننا و بينک هذا الحي من کفار مضر فمرنا بأمر فصل نخبر به من وراءنا وندخل به الجنة وسألوه عن الأشربة فأمرهم بأربع ونهاهم عن أربع ونهاهم عن الحنتم والدباء والنقير والمزفت قال احفظوهن واخبروا بهن من وراءکم مذکورہ عبارت کا ترجمہ کیجیے نیز ان الفاظ (الحنتم، الدباء، النقير، المزفت) کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 4: قال رسول الله ﷺ: "کتب الله مقادير الخلائق قبل أن يخلق السموات و الأرض بخمسين ألف سنة قال و کان عرشه على الماء" حدیث مذکور کی تشریح سپرد قلم کیجیے۔

سوال نمبر 5: مناقب کا معنی تحریر کیجیے نیز حضرت علی کے فضائل پر مشتمل تین احادیث تحریر کیجیے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **السیرة النبویة**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مقتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: ترجل کا معنی ہے۔

(الف) تیل لگانا (ب) کنگھا کرنا (ج) جوتا پہننا (د) سر بند باندھنا

سوال نمبر 2: شمائل ترمذی کا اصل نام ہے۔

(الف) الکتاب الکافی (ب) الشمائل المحمدیة (ج) الخصائص الکبری (د) دلائل النبوة

سوال نمبر 3: مکحلة کا معنی ہے۔

(الف) تیل کی شیشی (ب) سرمہ دانی (ج) کنگھا (د) بالوں کی سفیدی

سوال نمبر 4: سر بند باندھنا ہے۔

(الف) مباح (ب) مکروہ (ج) سنت (د) واجب

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ کو کپڑوں میں کیا چیز پسند تھی؟

(الف) قمیض (ب) تہبند (ج) شلوار، قمیض (د) رنگین چادر

سوال نمبر 6: صاحب کتاب کی وفات کب ہوئی؟

(الف) 280ھ (ب) 279ھ (ج) 281ھ (د) 282ھ

سوال نمبر 7: الجمة کا معنی ہے۔

(الف) آدھے کان تک پہنچے ہوئے بال (ب) کان کی لو تک (ج) کندھوں تک (د) کندھوں کے نیچے تک

سوال نمبر 8: نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کس چیز کی بنی ہوئی تھی؟

(الف) سونا (ب) چاندی (ج) دھات (د) پیتل

سوال نمبر 9: کون سے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا سنت ہے؟

(الف) سیدھے ہاتھ میں (ب) الٹے ہاتھ میں (ج) دونوں ہاتھ میں (د) الٹے ہاتھ کی چھنگلیا میں

سوال نمبر 10: نبی کریم ﷺ کتنی انگلیوں سے کھانا تناول فرماتے ہیں؟

(الف) دو (ب) چار (ج) تین (د) پانچ

سوال نمبر 11: نبی کریم ﷺ کی تلوار کے دستے پر کس چیز کی گرہ تھی؟

(الف) سونے کی (ب) پیتل کی (ج) چاندی کی (د) لوہے کی

سوال نمبر 12: درع کا معنی ہے۔

(الف) گروہ (ب) زرہ (ج) ٹوپی (د) رومال

سوال نمبر13: احد کے دن حضور ﷺ نے کتنی زر ہیں پہنیں؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

سوال نمبر14: فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے سر مبارک پر کون سے رنگ کا عمامہ مبارکہ تھا؟

(الف) سبز (ب) سیاہ (ج) سفید (د) سنہری

سوال نمبر15: مغفر کا معنی ہے۔

(الف) ٹوپی (ب) زرہ (ج) خود (د) عمامہ

سوال نمبر16: نبی کریم ﷺ کھانے کے بعد کتنی انگلیاں چاٹ لیا کرتے تھے؟

(الف) پانچ (ب) تین (ج) دو (د) ایک

سوال نمبر17: پہلا باب کس چیز کے بارے میں ہے ماجاء فی۔۔۔

(الف) لباس رسول اللہ ﷺ (ب) نوم رسول اللہ ﷺ (ج) خلق رسول اللہ ﷺ (د) حب رسول اللہ ﷺ

سوال نمبر18: حضور علیہ السلام کے سر اور داڑھی میں کتنے بال مبارک سفید تھے؟

(الف) دس (ب) اٹھارہ (ج) بیس (د) سولہ

سوال نمبر19: منھوس العقب کا معنی ہے۔

(الف) سیاہ آنکھیں (ب) کم گوشت والی ایڑی (ج) کشادہ دہن (د) خوبصورت ہونٹ

سوال نمبر20: حضور ﷺ کی مہر نبوت تھی۔

(الف) دو کندھوں کے درمیان (ب) سینے پر (ج) سر مبارک پر (د) ہاتھ پر

سوال نمبر21: نبی کریم ﷺ نے اپنے بالوں کو کون سا کلر لگایا؟

(الف) سرخ (ب) سیاہ (ج) سنہری (د) نہیں لگایا

سوال نمبر22: نبی کریم کتنے دن چھوڑ کر کنگھا کرتے تھے؟

(الف) دو دن (ب) تین دن (ج) روزانہ (د) ایک دن چھوڑ کر

سوال نمبر23: "قدم رسول اللہ ﷺ مكة قدمة وله.....الخ" حدیث مکمل کریں۔

(الف) أربع غدائر (ب) ثلاث غدائر (ج) خمس غدائر (د) ست غدائر

سوال نمبر24: "شائل الاطراف" کا معنی ہے۔

(الف) خوبصورت (ب) طویل کناروں والا (ج) طویل الاعضاء (د) دلچسپ

سوال نمبر25: "ازج الحواجب" کا معنی ہے۔

(الف) باریک لمبے بال والا (ب) باریک لمبے ابرو والا (ج) باریک پردے والا (د) لمبے پردے والا

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: سرمہ لگانے کا سنت طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر2: نیا لباس پہننے کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: "کان أحب الثیاب إلی رسول اللہ ﷺ یلبسه الحبرة" مذکورہ حدیث کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر4: نبی کریم ﷺ کس طرح کا جوتا استعمال فرمایا کرتے تھے؟

سوال نمبر5: سفید لباس پہننے کو آقا علیہ السلام نے کیوں پسند فرمایا؟

سوال نمبر6: نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کا نقش کتنی سطر میں تھا اور کیا لکھا ہوا تھا؟

سوال نمبر7: نبی کریم کی انگوٹھی کس صحابی سے گری تھی؟

سوال نمبر8: عن أنس بن مالک "أن النبي ﷺ کان إذا دخل الخلاء نزع خاتمه" مذکورہ حدیث کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر9: کعبے کا غلاف کون پکڑے ہوئے تھا جس کو قتل کر دیا گیا؟ اس کا نام اور وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر10: عن أبي إسحاق "سأل رجل البراء بن عازب أکان وجه رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم مثل السیف قال لا بل مثل القمر" مذکورہ حدیث کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر11: حضرت صفیہ کا ولیمہ حضور ﷺ نے کس چیز سے کیا؟

سوال نمبر12: حدیث کی روشنی میں کھانے سے قبل اور بعد کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر13: حدیث کی روشنی میں مرد اور عورت کو کون سی خوشبو لگانے کا حکم ہے؟

سوال نمبر14: نبی کریم ﷺ ایک بات کو کتنی بار دہراتے اور کیوں؟

سوال نمبر15: "ما کان ضحک رسول اللہ ﷺ الا تبسما" ضحک اور تبسم میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر16: حدیث کی روشنی میں سونے کا سنت طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر17: نبی کریم ﷺ مہینے میں کتنے اور کون سے دنوں میں روزہ رکھا کرتے تھے؟

سوال نمبر18: نبی کریم ﷺ کا بستر مبارک کس چیز سے بُنا گیا تھا؟

سوال نمبر19: نبی کریم ﷺ کی حیاء مبارک پر کوئی ایک حدیث عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر20: حدیث کی روشنی میں نبی کریم ﷺ کے آسمان پر کون سے نام ہیں؟ تحریر کیجئے۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: نبی کریم کا جسم مبارک کیسا تھا؟ 10 سطروں پر نوٹ تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر2: حضور ﷺ کی قراءت قرآن پر کوئی تین احادیث تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: نبی کریم ﷺ نے کون سے کھانے تناول فرمائے اور آپ کا پسندیدہ سالن کون سا تھا؟

سوال نمبر4: نبی کریم ﷺ کے مزاح فرمانے پر کوئی سی تین احادیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر5: صاحب شمائل ترمذی کے حالات زندگی بیان کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **15-02-2024** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=25x1)**

سوال نمبر 1: حج عبادت ہے۔

(الف) بدنی (ب) مالی (ج) بدنی، مالی (د) غیر بدنی، مالی

سوال نمبر 2: الرکن في الحج۔۔۔

(الف) وقوف عرفة (ب) طواف الزيارة (ج) طواف صدر (د) وقوف عرفة، طواف الزيارة

سوال نمبر 3: مواقیت الاحرام ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

سوال نمبر 4: عمرہ کے لیے اہل مکہ کا میقات ہے۔

(الف) حرم (ب) حل (ج) مدینہ (د) مدینہ، حل

سوال نمبر 5: احرام سے پہلے بدن پر خوشبو لگانا ہے۔

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مستحب (د) ممتنع

سوال نمبر 6: رمل کہتے ہیں۔

(الف) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا (ب) چادر کو لٹکانا

(ج) چادر کو کندھے پر ڈالنا (د) کندھے کو چادر سے خالی رکھنا

سوال نمبر 7: إن نظر إلی فرج امرأة بشهوة۔۔۔

(الف) تجب شاة (ب) لا شيء (ج) تجب صدقة (د) تجب دم

سوال نمبر 8: حاجی منیٰ سے مناسک عرفات کی طرف جائے گا۔

(الف) نماز فجر کے بعد (ب) نماز فجر سے پہلے (ج) نماز عصر کے بعد (د) نماز عصر سے پہلے

سوال نمبر 9: لبیک موقوف کر دیں گے۔

(الف) پہلی کنکری سے پہلے (ب) پہلی کنکری کے بعد (ج) پہلی کنکری مارتے وقت (د) کنکری اٹھاتے وقت

سوال نمبر 10: مغرب و عشاء اکٹھی پڑھی جائے۔

(الف) مزدلفہ میں (ب) عرفات میں (ج) منیٰ میں (د) مکہ میں

سوال نمبر 11: جبل قزح کس جگہ ہے؟

(الف) منیٰ میں (ب) عرفات میں (ج) مزدلفہ میں (د) مکہ میں

سوال نمبر 12: طواف صدر آفاقیوں پر ہے۔

(الف) واجب (ب) سنت (ج) افضل (د) ممنوع

سوال نمبر 13: عرفات میں ٹھہرنے سے کون سا طواف ساقط ہو جاتا ہے؟

(الف) طواف رکن (ب) طواف قدوم (ج) طواف صدر (د) طواف عمرہ

سوال نمبر 14: احناف کے نزدیک حج۔۔۔افضل ہے۔

(الف) قران (ب) تمتع (ج) افراد (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 15: طواف رکن کو ایام نحر سے مؤخر کرنے پر لازم آتا ہے۔

(الف) صدقہ (ب) دم (ج) کفارہ (د) صدقہ و دم

سوال نمبر 16: احناف کے نزدیک بدنہ سے مراد ہے۔

(الف) بکری (ب) صرف گائے (ج) صرف اونٹ (د) گائے اور اونٹ

سوال نمبر 17: حج کے مہینے ہیں۔

(الف) شوال، ذوالقعدہ (ب) ذوالقعدہ، ذوالحجہ مکمل (ج) ذوالقعدہ، ذوالحجہ کے 10 دن (د) شوال، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کے 10 دن

سوال نمبر 18: اگر محرم نے مکمل عضو پر خوشبو لگائی تو اس پر لازم آئے گا۔

(الف) بکری دینا (ب) صدقہ دینا (ج) گائے دینا (د) اونٹ دینا

سوال نمبر 19: ٹوٹے ہوئے ناخن کو الگ کرنے سے لازم آتا/آتی ہے۔

(الف) بکری (ب) صدقہ (ج) کفارہ (د) کوئی چیز لازم نہیں آتی

سوال نمبر 20: سر پر تیل لگانے سے واجب ہوتا / ہوتی ہے۔

(الف) بکری (ب) بدنہ (ج) صدقہ (د) کچھ نہیں

سوال نمبر 21: "لو حلق القارن قبل الذبح" مذکورہ صورت میں واجب ہے۔

(الف) 1 دم (ب) 2 دم (ج) 3 دم (د) صدقہ اور دم دونوں

سوال نمبر 22: طواف کے دوران کتنے چکروں میں رمل کیا جاتا ہے؟

(الف) دو (ب) پانچ (ج) تین (د) چار

سوال نمبر 23: محرم پر کوے، چیل یا بھیڑیئے کو مارنے کی صورت میں لازم آئے گی۔

(الف) آدھی قیمت (ب) پوری قیمت (ج) صدقہ اور آدھی قیمت (د) کچھ بھی نہیں

سوال نمبر 24: اگر درندہ حملہ کردے تو اس کو مارنے پر لازم ہے۔

(الف) صدقہ (ب) آدھی قیمت (ج) پوری قیمت (د) کوئی چیز نہیں

سوال نمبر 25: ایک محرم نے شکار پکڑا دوسرے محرم نے اس کو قتل کر دیا تو ضامن ہوگا/ہوں گے۔

(الف) پکڑنے والا (ب) مارنے والا (ج) دونوں (د) دونوں میں سے کوئی نہیں

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ______________
جوابی کاپی نمبر: ______________

| | | |
|---|---|---|
| درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: چوتھا | مضمون: الفقہ |
| تاریخ: 15-02-2024 دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75 |

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حج کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "فلو أحرم صبي او عبد فبلغ أو أعتق فمضى لم يجزه عن فرضه" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 3: مواقیت الاحرام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: محرم کو کن چیزوں سے بچنا چاہیے جو قرآن پاک میں مذکور ہیں؟ تین کا ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 5: یوم نحر، یوم عرفہ، یوم ترویہ کون سے دنوں کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: وادی محسر، جبل قزح کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: طواف کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 8: حج افراد کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: جنایات کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 10: احصار کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کیجئے؟

سوال نمبر 11: حج بدل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: نکاح کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: کون سے الفاظ کے ساتھ نکاح درست ہوتا ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: حرمت مصاہرت کب ثابت ہوتی ہے؟

سوال نمبر 15: نکاح موقت و متعہ کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: "والولی العصبة بترتیب الإرث" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: "ولو زوج طفله غير كفو أو بغبن فاحش صح" مذکورہ عبارت کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 18: درع، خمار، ملحفة سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: مہر مثل کب واجب ہوتا ہے؟ دو صورتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: "ولبن البكر والميت محرم لا الاحتقان" اس عبارت میں "الاحتقان" سے کیا مراد ہے؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حج کن شرائط کے ساتھ فرض ہوتا ہے؟ بالتفصیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: مناسک حج تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: کون سی جنایت سے دم یا روزہ یا صدقہ واجب ہوتا ہے؟ تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "وعليه الجزاء بذبح حمام مسرول وظبي مستأنس"
مذکور عبارت کا ترجمہ کیجئے، نیز کن کن چیزوں کو قتل کرنے سے محرم پر کچھ بھی واجب نہیں ہوتا؟ کوئی سی 4 صورتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: محصر کا احصار کب ثابت ہوگا اور کب زائل ہوگا؟ تفصیل مع امثلہ بیان کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ پاکستان<br>درجہ: **خاصہ سال دوم**    پرچہ: **پانچواں**    مضمون: **علوم الفقہ**<br>تاریخ: **17-02-2024**    دن: **ہفتہ**    کل وقت: **30 منٹ**    کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: ____________ | رول نمبر: ____________<br><br>دستخط طالب علم: ____________ |

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: نور الانوار کے ماتن کون ہیں؟

(الف) امام نسفی (ب) امام کرخی (ج) امام عبد اللہ بن احمد (د) شیخ احمد

سوال نمبر 2: لفظ اصول ہے۔

(الف) واحد (ب) جمع (ج) اسم جمع (د) اسم جنس

سوال نمبر 3: قرآن نام ہے۔

(الف) نظم کا (ب) معنی کا (ج) نظم و معنی کا (د) احکام کا

سوال نمبر 4: نظم و معنی کی تقسیمات اربعہ میں کلام کے ساتھ تعلق ہے۔

(الف) اول، ثالث کا (ب) ثانی، رابع کا (ج) ثالث، رابع کا (د) اول، رابع کا

سوال نمبر 5: "لایحتمل البیان لکونہ بینا" حکم ہے۔

(الف) مفسر کا (ب) نص کا (ج) خاص کا (د) عام کا

سوال نمبر 6: "ولاء" وضو میں فرض ہے۔

(الف) امام مالک کے نزدیک (ب) امام شافعی کے نزدیک (ج) امام اعظم کے نزدیک (د) امام احمد کے نزدیک

سوال نمبر 7: خاص کے حکم پر کتاب میں کتنی تفریعات مذکور ہیں؟

(الف) تین (ب) چار (ج) سات (د) پانچ

سوال نمبر 8: خلع فسخ نکاح کس امام کے نزدیک ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام مالک (ج) امام شافعی (د) امام ذہبی

سوال نمبر 9: فرض باعتبار لغت حقیقتاً نام ہے۔

(الف) تقدیر کا (ب) لازم کا (ج) واجب کا (د) ایجاب و قطع کا

سوال نمبر 10: "روي أنه علیه السلام واصل فواصل اصحابه۔۔۔الخ" میں "واصل" کون سا فعل ہے؟

(الف) فعل امر (ب) فعل ماضی (ج) فعل مضارع (د) فعل نہی

سوال نمبر 11: امر تکرار کا احتمال رکھتا ہے۔

(الف) عند الشافعی (ب) عند ابی یوسف (ج) عند الکرخی (د) عند محمد

سوال نمبر 12: "طلقي نفسک" میں فرد حکمی ہے۔

(الف) دو طلاقیں (ب) ایک طلاق (ج) تین طلاقیں (د) کوئی طلاق نہیں

سوال نمبر 13: اگر چور تیسری مرتبہ چوری کرے تو امام شافعی کے نزدیک اس کی سزا ہے۔

(الف) بایاں ہاتھ کاٹ دینا (ب) قید کر دینا (ج) قتل کر دینا (د) سیدھا پاؤں کاٹ دینا

سوال نمبر14: "ھو تسلیم مثل الواجب بہ" کس کی تعریف ہے؟

(الف) ادا کی　(ب) قضا کی　(ج) کامل کی　(د) مطلق کی

سوال نمبر15: قضا کے لیے سبب جدید کا ہونا ضروری نہیں ہے۔

(الف) امام اعظم کے نزدیک　(ب) امام مالک کے نزدیک　(ج) امام کرخی کے نزدیک　(د) امام شافعی کے نزدیک

سوال نمبر16: "فعل اللاحق بعد فراغ الامام" کس کی مثال ہے؟

(الف) اداء قاصر کی　(ب) اداء کامل کی　(ج) اداء مشابہ بالقضاء کی　(د) مطلق کی

سوال نمبر17: کس امام کے نزدیک بنیت نفل فرض حج ادا ہو جائے گا؟

(الف) امام محمد　(ب) امام ابو یوسف　(ج) امام شافعی　(د) امام مالک

سوال نمبر18: إراقة الدم فی أیام النحر۔۔۔

(الف) بدعة　(ب) غیر معقولة　(ج) معقولة　(د) مستحبة

سوال نمبر19: جب مثل منقطع ہو جائے تو امام اعظم کے نزدیک قیمت کا اعتبار ہے۔

(الف) یومِ انقطاع کی　(ب) یومِ غصب کی　(ج) یومِ خصومت کی　(د) مطلق کسی دن کی

سوال نمبر20: عند الأشعري الحاکم بالحسن و القبح ھو۔۔۔

(الف) العقل　(ب) الشرع　(ج) العقل و الشرع　(د) الإنسان

سوال نمبر21: غیر نفس مامور بہ سے ادا ہو جائے اس کی مثال ہے۔

(الف) وضو　(ب) جہاد　(ج) قدرة　(د) روزہ

سوال نمبر22: "ھو القدرة المیسرة للأداء" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) کامل کی　(ب) قاصر کی　(ج) مطلق کی　(د) مقید کی

سوال نمبر23: ۔۔۔وجوب کے منسوخ ہونے سے صفتِ جواز باقی نہیں رہتی۔

(الف) عند الاحناف　(ب) عند الشوافع　(ج) عند الکرخی　(د) عند مالک

سوال نمبر24: "کوقت الصلاة" امر موقت کی کس نوع کی مثال ہے؟

(الف) نوع ثانی　(ب) نوع اول　(ج) نوع ثالث　(د) نوع خامس

سوال نمبر25: امر موقت کی نوع ثالث کی مثال ہے۔

(الف) قضاءِ رمضان　(ب) اداءِ رمضان　(ج) حج　(د) نماز

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** | پرچہ: **پانچواں** | مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **17-02-2024** | دن: **ہفتہ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: خُلق کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: خاص کی اقسام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: "ان الولاء فرض في الوضوء" عبارت کی روشنی میں ائمہ کا فقط موقف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: امر کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: **عندالشافعي** قضاء کے اسباب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: **عندابي يوسف** تکبیرات عید في الرکوع کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: **حسن لعینہ** کی اقسام ثلاثہ کی امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: **عندالشافعي** صفتِ وجوب کے معدوم ہونے پر صفتِ جواز کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: **قبح لغیرہ** مجاور کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: بعد از ضمان **عندالاحناف** معضوبہ چیز کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: "**محکم لعینہ** اور **محکم لغیرہ**" سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجئے۔

سوال نمبر 12: حقیقت و مجاز کی معرفت کی پہلی علامت واضح کیجئے۔

سوال نمبر 13: حقیقت متعذرہ اور مہجورہ کی مثال کے ذریعے نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 14: متواتر کی مثال کی نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 15: اگر راوی معروف بالفقہ ہو تو امام مالک کے نزدیک حدیث کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: حدیث کے حجت ہونے کے لیے راوی میں کتنی شرائط کا ہونا ضروری ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 17: **عندالشافعي** حدیث مرسل کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: طرفِ سماع، طرفِ حفظ اور طرفِ ادا سے کیا مراد ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: رکن معارضہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: بیان تغییر کی تعریف کیجئے اور مثال بھی دیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "**بطلان العصمة عن المسروق بقوله جزآء لا بقوله فاقطعوا**" مذکورہ عبارت کس سوال مقدر کا جواب ہے تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: قضاء کی اقسام مع امثلہ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: ظاہر و نص و مفسر و محکم کے مابین تعارض کا حکم مع امثلہ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: کن صورتوں کے سبب حقیقت کو ترک کر دیا جاتا ہے، مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔

سوال نمبر 5: کتاب اللہ کے منسوخ ہونے کی صورتیں تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: چھٹا | مضمون: النحو

تاریخ: 19-02-2024 | دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: __________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "الکلام ما تضمن کلمتین۔۔۔"

(الف) بالنسبة (ب) بالاضافة (ج) بالتركيب (د) بالإسناد

سوال نمبر 2: "ما اشتمل علی علم الفاعلية" یہ تعریف ہے۔

(الف) فاعل کی (ب) مفعول کی (ج) مرفوع کی (د) مبتدا کی

سوال نمبر 3: اسمائے معربہ میں سے جمع مکسر کا اعراب۔۔۔ کی طرح آتا ہے۔

(الف) جمع مؤنث سالم (ب) اسم منقوص (ج) اسمائے ستہ (د) مفرد منصرف صحیح

سوال نمبر 4: غیر منصرف پر تنوین نہیں آتی۔

(الف) کسی بھی صورت میں (ب) ضرورتاً آجاتی ہے (ج) تناسب کے لیے آتی ہے (د) ضرورتاً اور تناسب کے لیے آتی ہے

سوال نمبر 5: "والأصح أن لا يتقدم التمييز على الفعل خلافا۔۔۔"

(الف) للفراء (ب) للأخفش (ج) للكسائي (د) للمازني

سوال نمبر 6: فاعل اور مفعول کا اعراب جب تقدیری ہو اور قرینہ بھی نہ ہو تو فاعل کو مقدم کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) واجب (د) اس میں اختلاف ہے

سوال نمبر 7: "ليبك يزيد ضارع" میں "ضارع" کے فعل کو حذف کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) واجب (د) اس میں اختلاف ہے

سوال نمبر 8 فعل مجہول ہو اور مفعول بہ موجود نہ ہو تو نائب الفاعل بنایا جائے گا۔

(الف) حال کو (ب) تمییز کو (ج) کسی بھی مفعول کو (د) مفعول مطلق کو

سوال نمبر 9: ۔۔۔ میں مبتدا کی تقدیم جائز ہے۔

(الف) في داره زيد (ب) صاحبها في الدار (ج) من أنت (د) في الدار رجل

سوال نمبر 10: "فرازنة" ہے۔

(الف) منصرف (ب) غیر منصرف (ج) مبنی (د) اسم الفعل

سوال نمبر 11: "ضرب غلامَهُ زيدٌ" مثال ہے۔

(الف) جائز (ب) ممتنع (ج) وجہان (د) ناجائز

سوال نمبر 12: "أضمرت الفاعل في الاول على وفق الظاهر دون الحذف خلافا۔۔۔"

(الف) للفراء (ب) للكسائي (ج) لسيبويه (د) للأخفش

سوال نمبر 13: "الأول من باب أعطيت أولى من الثاني" میں "الأول" کا موصوف ہے۔

(الف) الفاعل (ب) المفعول (ج) المبتدا (د) الخبر

سوال نمبر14: مبتدا کی اصل ہے۔

(الف) تنکیر (ب) تقدیم (ج) تاخیر (د) تمییز

سوال نمبر15: "سلام علیک" مثال ہے۔

(الف) تعظیم مبتدا کی (ب) تخصیصِ مبتدا کی (ج) تعریفِ مبتدا کی (د) تعمیم مبتدا کی

سوال نمبر16: "وإذا کان المبتدا مشتملا علی ماله۔۔۔"

(الف) نهاية الكلام (ب) صدر الكلام (ج) الكلام (د) المصدر

سوال نمبر17: "المستهل" کا معنی ہے۔

(الف) حلال سمجھنے والا (ب) اہل (ج) چاند دیکھنے والا (د) چاند دیکھ کر آواز بلند کرنے والا

سوال نمبر18: لا نفی جنس کی خبر کا اظہار جائز نہیں۔

(الف) قریش کے نزدیک (ب) اخفش کے نزدیک (ج) بنو تمیم کے نزدیک (د) سیبویہ کے نزدیک

سوال نمبر19: "کقولک لمن قدم خیر مقدم" اس میں "خیر مقدم" کا فعل ہے۔

(الف) جوازا محذوف (ب) وجوبا محذوف (ج) وجوبا مذکور (د) ممتنع

سوال نمبر20: "انتهوا خيرا لكم۔۔۔الخ" میں "خیرا" کا فعل محذوف ہے۔

(الف) وجوبا سماعا (ب) وجوبا قیاسا (ج) جوازاً (د) محذوف نہیں ہے

سوال نمبر21: "یا زید العاقل و العاقل" میں دوسرے "العاقل" پر اعراب بالنصب مختار ہے۔

(الف) خلیل کے نزدیک (ب) ابو عمرو کے نزدیک (ج) مبرد کے نزدیک (د) فراء کے نزدیک

سوال نمبر22: "وهو حذف في آخره تخفيفا" یہ تعریف ہے۔

(الف) منادیٰ کی (ب) توابع منادیٰ کی (ج) ترخیم منادی کی (د) استغاثہ کی

سوال نمبر23: ظرف مکان مبہم کی مثال ہے۔

(الف) يوم (ب) مسجد (ج) فوق (د) دار

سوال نمبر24: "فإن كان الفعل لفظا و جاز العطف۔۔۔"

(الف) فالوجهان (ب) فالامران (ج) فالاختيار (د) فالنصب

سوال نمبر25: "ما يرفع الابهام المستقر عن ذات مذكورة" یہ تعریف ہے۔

(الف) استثناء کی (ب) حال کی (ج) تمییز کی (د) ظرف مستقر کی

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ:خاصہ سال دوم | پرچہ: چھٹا | مضمون:النحو

تاریخ:19-02-2024 | دن: پیر | کل وقت: 2گھنٹے30منٹ | کل نمبر:75

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ:کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: کلمہ کی تین قسموں میں منحصر ہونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: "زینب،ابراهیم،معدیکرب"تینوں اسماء میں موجود اسباب منع صرف بیان کیجئے۔

سوال نمبر3: "لیبک یزید ضارع"مذکورہ عبارت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر4: "أرجل في الدار أم امرأة"میں "رجل"کا نکرہ مخصوصہ ہونا ثابت کیجئے۔

سوال نمبر5: کون سا مفعول مطلق تثنیہ وجمع ہوتا ہے؟

سوال نمبر6: "یازید العاقل"میں "العاقل"پر رفع جائز ہے،وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر7: تحذیر کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر8: "جئت وزیدا"میں "زیدا"کو نصب دینا متعین ہے،وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر9: "التمییز ما یرفع الابهام المستقر عن ذات مذکورة أو مقدرة"مذکورہ عبارت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر10: "ویجوز فیه النصب ویختار البدل في ما بعد إلا في کلام غیر موجب"مذکورہ عبارت کی وضاحت فرمایئے۔

سوال نمبر11: "ماولا مشابه بلیس" کا عمل باطل کب ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر12: "کل ثان باعراب سابقه من جهة واحدة"عبارت مذکورہ کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر13: دس حروف عطف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر14: ضمیر فصل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر15: واحد اور اثنان (اسم عدد) کی تمییز کیوں نہیں لائی جاتی؟وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر16: "صفت مشبهه"کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر17: "أفعل"کے وزن پر اسم تفضیل کا صیغہ بنانے کی دو شرائط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر18: شرط وجزا دونوں مضارع ہوں تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر19: افعال قلوب کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر20: "حروف مشبهه بالفعل"میں سے "لکنّ"کون سے دو جملوں کے درمیان آتا ہے؟

## طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ:کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: منع صرف کے نو اسباب میں سے کوئی سے پانچ اسباب کی منع صرف کا سبب بننے کی شرط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: تنازع فعلین کو ختم کرنے کا طریقہ کوفیوں کے نزدیک کیا ہے اور بصریوں کے نزدیک کیا ہے؟اختصاراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: ﴿لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا﴾ بتایئے کہ کلمہ "إلا"کو"غیرْ"(صفتیه) کے معنی میں کب اور کیوں لیا جائے گا؟

سوال نمبر4: "وإذا عطف علی عاملین مختلفین لم یجز خلافا للفراء"مذکورہ عبارت کی وضاحت کیجئے نیز اس بارے میں امام فراء کا موقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: مصدر کب عمل کرے گا اور کب نہیں؟نیز بتایئے کہ کیا اس کا معمول اس پر مقدم ہو سکتا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: خاصہ سال دوم — پرچہ: ساتواں — مضمون: المنطق<br>تاریخ: 20-02-2024 — دن: منگل — کل وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 25<br>مرکز امتحان: ________ دستخط نگران مرکز امتحان: ________ دستخط مفتش: ________ | رول نمبر: ________<br>دستخط طالب علم: ________ |

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر 1: فاما ان یکون البحث فیہ عن۔۔۔ فھو المقالۃ الأولی

(الف) المفردات (ب) المرکبات (ج) الموضوعات (د) التصورات

سوال نمبر 2: تصور کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) سات

سوال نمبر 3: التصور الساذج کس کو کہتے ہیں؟

(الف) تصور فقط کو (ب) تصور مع التصدیق کو (ج) تصور بغیر التصدیق کو (د) تصور عام کو

سوال نمبر 4: "فھو إسناد أمر إلی أمر آخر إیجابا أو سلبا" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) تصور کی (ب) تصدیق کی (ج) حکم کی (د) تصور فقط کی

سوال نمبر 5: "الإنسان کاتب" اس میں محکوم علیہ کون ہے؟

(الف) الإنسان (ب) کاتب (ج) الإنسان کاتب کا مجموعہ (د) ان دونوں کی نسبت

سوال نمبر 6: امام رازی کے نزدیک تصدیق کیا ہے؟

(الف) بسیط (ب) مرکب (ج) بسیط و مرکب دونوں (د) تصور فقط

سوال نمبر 7: ترتیب کا لغوی معنی ہے۔

(الف) جعل کل شيء في مرتبته (ب) وضع علی الأصل (ج) ترتیب أمور معلومة (د) العلم بوجود اللازم

سوال نمبر 8: ترتیب کم از کم کتنی چیزوں میں ہو سکتی ہے؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 9: وَاَمَّا۔۔۔ فاکتسابہ من الامور التصدیقیۃ۔

(الف) المجھول التصوری (ب) المجھول التصدیقی (ج) التصور (د) التصدیق

سوال نمبر 10: جو کسی شے کو ھو ھو کی حیثیت سے حاصل ہو اس کو کہتے ہیں۔

(الف) عوارض ذاتیہ (ب) عوارض غیر ذاتیہ (ج) جنس (د) فصل

سوال نمبر 11: ان العلم لا یتمیز عند العقل إلا بعد العلم۔۔۔ عبارت مکمل کریں۔

(الف) بتعریفہ (ب) بتکمیلہ (ج) بموضوعہ (د) بمعرفتہ

سوال نمبر 12: الحیوان والناطق ھما۔۔۔

(الف) معلومان تصوریان (ب) معلومان تصدیقیان (ج) معلومان تصور و تصدیق (د) معلومان فقط

سوال نمبر 13: منطقیوں کی عادت کے مطابق حجت کسے کہتے ہیں؟

(الف) موصل إلی التصور کو (ب) موصل إلی التصدیق کو (ج) موصل إلی الحکم کو (د) موصل إلی المطلب کو

سوال نمبر14: تصدیق میں محکوم علیہ اور محکوم بہ کے علاوہ کس چیز کا تصور ضروری ہے؟

(الف) نسبت کا (ب) حکم کا (ج) موضوع کا (د) زمانے کا

سوال نمبر15: حصول التصديق موقوف على حصول۔۔۔ عبارت مکمل کریں۔

(الف) التصور (ب) النسبة (ج) الحكم (د) الموضوع

سوال نمبر16: قطبی کا مقالہ اولیٰ کس بارے میں ہے؟

(الف) في المفردات (ب) في المركبات (ج) في التصورات (د) في بيان الحكم

سوال نمبر17: دلاله اللفظ على المعنى بتوسط الوضع له۔۔۔ عبارت مکمل کریں۔

(الف) مطابقة (ب) التزامية (ج) تباين (د) نسبة

سوال نمبر18: ان میں سے دلالت غیر لفظیہ کی مثال کون سی ہے؟

(الف) انگلیوں کی دلالت گنتی پر (ب) زید کی دلالت انسان پر (ج) اسد کی دلالت حیوان پر (د) کراچی کی دلالت شہر پر

سوال نمبر19: عبارت مکمل کریں: لأن جزء المعنى الموضوع له داخل في۔۔۔

(الف) ضمنه (ب) حكمه (ج) تصوره (د) تصديقه

سوال نمبر20: "وهو سلب الضرورة عن أحد الطرفين" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) امکان خاص کی (ب) امکان عام کی (ج) الخارج اللازم کی (د) حکم کی

سوال نمبر21: عبارت مکمل کریں: إن تصور كل ماهية يستلزم تصور أنها ليست غيرها۔۔۔

(الف) فلازم (ب) فممنوع (ج) فمشترك (د) فمطابقة

سوال نمبر22: عبارت مکمل کریں: أراد المصنف بيان نسب الدلالات الثلاث بعضها مع بعض۔۔۔

(الف) بمتبوع (ب) بممنوع (ج) بالاستلزام (د) بوجود

سوال نمبر23: مفرد اور مرکب کے لیے کتنے اعتبارات ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر24: منطقیوں نے ادوات کی کتنی اقسام بیان کی ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر25: منقول کے بیان میں صلاۃ اور صوم کس کی مثال ہے؟

(الف) منقول عرفی کی (ب) منقول اصطلاحی کی (ج) منقول شرعی کی (د) منقول لازمی کی

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: ساتواں | مضمون: المنطق

تاریخ: 20-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "الرسالة الشمسية" کے مقدمے میں کن چیزوں کا بیان ہے؟

سوال نمبر 2: "الرسالة الشمسية" کا خاتمہ کس چیز کے بیان میں ہے؟

سوال نمبر 3: علم فقہ، علم اصول فقہ سے ممتاز کیسے ہے؟

سوال نمبر 4: تصور کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 5: محکوم بہ کو مثال کے ذریعے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 6: علم نظری کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: تسلسل کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 8: فکر کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 9: ترتیب کا اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: "بيان الأول لو لم يكن المنطق بديهيا لكان كسبيا فاحتيج في تحصيله إلى قانون آخر" مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 11: کلی مشکک کی تعریف عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: لفظ مرادف کی تعریف عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: مرکب تام کو خبر و قضیہ کب کہیں گے؟

سوال نمبر 14: جزئی کی تعریف عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: فصل کی تعریف عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: کلی کی تعریف عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: منطق کا موضوع معلومات تصوریہ اور تصدیقیہ کیوں ہے؟

سوال نمبر 18: تصور تصدیق سے طبعاً مقدم ہے، وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: کسی چیز کی تعریف کرتے وقت مشترک لفظ سے بچنا کیوں ضروری ہے؟

سوال نمبر 20: ہر تصدیق کے لیے کتنے تصورات کا ہونا ضروری ہے؟ نام تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: رسالہ شمسیہ کے ایک مقدمہ، تین مقالات اور ایک خاتمہ میں منحصر ہونے کی وجہ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: تصورات و تصدیقات بدیہی ہیں یا نظری؟ تمام احتمالات ذکر کرتے ہوئے صحیح اور باطل کی تعیین کیجئے۔

سوال نمبر 3: جنس کی تعریف عربی میں بیان کرکے یہ بتائیں کہ جنس کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ نیز ان کی وجہ حصر بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: 2 کلیوں کے درمیان نسبت 4 صورتوں میں منحصر ہے، ان کے نام تحریر کیجئے اور وجہ حصر بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: قرب و بعد کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ بیان کیجئے، نیز وجہ حصر بھی تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: آٹھواں | مضمون: البلاغۃ
تاریخ: 21-02-2024 | دن: بدھ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25
مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: وعلی آله الأطهار میں الأطهار ہے۔
(الف) واحد (ب) تثنیہ (ج) جمع (د) اسم جمع

سوال نمبر 2: فلما کان علم البلاغة وتوابعها من أجل العلوم ـــ خالی جگہ پر کریں۔
(الف) رتبة (ب) قدرا (ج) سرا (د) رفعة

سوال نمبر 3: مفتاح العلوم کے مصنف کا نام ہے۔
(الف) یعقوب (ب) یوسف (ج) اسحاق (د) ابراہیم

سوال نمبر 4: اَلَّفتُ مختصر اَیَتَضَمَّنُ مَافِیهِ من ـــ خالی جگہ پر کریں۔
(الف) القواعد (ب) الفوائد (ج) الایضاح (د) الشواهد

سوال نمبر 5: والبلاغة یوصف بها ـــ فقط خالی جگہ پر کریں۔
(الف) الکلمة (ب) الکلام (ج) المتکلم (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر 6: الجِرِشّٰی کا معنی ہے۔
(الف) گھسیٹنا (ب) کھینچنا (ج) سخاوت (د) نفس

سوال نمبر 7: "ضرب غلامه زید" مثال ہے۔
(الف) تنافرِ کلمات کی (ب) تنافر حروف کی (ج) تعقید فی الانتقال کی (د) ضعفِ تالیف کی

سوال نمبر 8: "الجندل" کا معنی ہے۔
(الف) ریتلی زمین (ب) پتھریلی زمین (ج) بلند جگہ (د) چوٹی

سوال نمبر 9: بلیغ اور فصیح کے مابین نسبت ہے۔
(الف) تساوی (ب) تباین (ج) عموم خصوص مطلق (د) عموم خصوص من وجہ

سوال نمبر 10: ومایعرف به وجوه التحسین علم ـــ
(الف) الصرف (ب) النحو (ج) البدیع (د) البیان

سوال نمبر 11: خبر کے لیے کتنی چیزوں کا ہونا ضروری ہے؟
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 12: خبر کے "لیس بصدق ولا کذب" ہونے کا قائل ہے۔
(الف) عبدالقاہر جرجانی (ب) سکاکی (ج) جاحظ (د) نظام

سوال نمبر 13: مخاطب کے تردد کی صورت میں کلام کو مؤکد کرنا ہے۔
(الف) واجب (ب) ناجائز (ج) حسن (د) لازم

سوال نمبر14: "كثيرا مايخرج على خلافه" صاحب کتاب نے خلافِ مقتضائے ظاہر کلام لانے کی کتنی صورتیں ذکر فرمائی ہیں؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

سوال نمبر15: "وله ملابسات شتّٰی" مجاز عقلی کے کتنے ملابسات کتاب میں مذکور ہیں؟

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

سوال نمبر16: "فهو في عيشة راضية" میں مجاز عقلی کا انکار کیا ہے۔

(الف) عبدالقاہر جرجانی نے (ب) سکاکی نے (ج) جاحظ نے (د) جمہور نے

سوال نمبر17: "خالق كل شيء" مسند الیہ کے حذف کی صورتوں میں سے کس صورت کی مثال ہے؟

(الف) اخبار تنبیہ (ب) مقدار تنبیہ (ج) ادعاء تعین (د) تعین

سوال نمبر18: مسند الیہ کو ضمیر کے ساتھ ذکر کرنے کے مقام کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر19: مسند الیہ کو مؤکد لانے کی کتنی صورتیں کتاب میں مذکور ہیں؟

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) دو

سوال نمبر20: "الاستغراق ضربان حقيقي و۔۔۔"

(الف) لفظي (ب) حكمي (ج) عرفي (د) معنوی

سوال نمبر21: "ولد الحجام حاضر" مثال ہے۔

(الف) تحقیر مضاف کی (ب) تعظیم مضاف کی (ج) تحقیر مضاف الیہ کی (د) تکثیر مضاف الیہ کی

سوال نمبر22: "فقد كذبت رسل" میں "رسل" پر تنوین ہے۔

(الف) تقلیل کی (ب) توضیح کی (ج) تعظیم کی (د) تحقیر کی

سوال نمبر23: "وعلى أبصارهم غشاوة" مثال ہے۔

(الف) حذف مسند الیہ کی (ب) تعریف مسند الیہ کی (ج) تنکیر مسند الیہ کی (د) تاکید کی

سوال نمبر24: "جمع الامير الصاغة" ای صاغة۔۔۔او مملكته۔

(الف) بلده (ب) بيته (ج) مصره (د) حكومته

سوال نمبر25: کون سا (الف لام) حکم میں نکرہ کی طرح ہوتا ہے؟

(الف) جنسی (ب) استغراقی (ج) عہد ذہنی (د) عہد خارجی

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **آٹھواں** مضمون: **البلاغۃ**

تاریخ: **21-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مفتاح العلوم کی قسم ثالث کی 3 خوبیاں تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 2: مفتاح العلوم میں کون سے ایسے 3 کام تھے جن کو پورا کرنے کے لیے تلخیص المفتاح کو تحریر کرنے کی ضرورت پیش آئی؟

سوال نمبر 3: بلاغت کا اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "فَاحِمًا مَرْسِنًا مُسَرَّجًا" کا لفظی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: تنافر حروف اور تنافر کلمات میں مثال کے ذریعے فرق واضح کیجئے۔

سوال نمبر 6: تعقید فی النظم کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: فصاحت فی المتکلم کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے اور ساتھ ترجمہ بھی کیجئے۔

سوال نمبر 8: بلاغت فی المتکلم کا اصطلاحی معنی عربی میں تحریر کیجئے اور ساتھ ترجمہ بھی کیجئے۔

سوال نمبر 9: علم معانی کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: لازم فائدۃ الخبر کی عربی میں تعریف کرتے ہوئے مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 11: غیر منکر کو منکر کے درجے میں رکھنے کی شرط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: "جاء زید و أنت تعلم أنہ لم یجئ" کس کی مثال ہے؟ نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 13: "ھی عصای" ذکر مسند الیہ میں کس صورت کی مثال ہے؟ نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 14: "و باللام للإشارۃ الی معھود" مذکورہ صورت کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: "زید التاجر عندنا" کس کی مثال ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: "ھو یعطی الجزیل" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 17: "شَرٌّ اَھَرَّ ذا ناب" ترجمہ کیجئے اور یہ بتائیں کہ یہ کس چیز کی مثال ہے؟

سوال نمبر 18: مسند سببی کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: قال السکاکی: او للتعریض۔۔۔ الخ عبارت مذکورہ میں تعریض سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: مفعول بہ کو حذف کرنے کے فوائد میں سے کوئی ایک فائدہ تحریر کیجئے۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: علم معانی کے اپنے ابواب میں انحصار کی وجہ تحریر کرتے ہوئے جمہور کے نزدیک صدق و کذب کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: مسند الیہ کو اسم موصول کے طور پر لانے کی کوئی 5 صورتیں مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: التفات کی تعریف کرتے ہوئے کوئی سی تین امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: إن، إذا، لو الفاظِ شرط کے استعمال کا فرق مع امثلہ واضح کیجئے۔

سوال نمبر 5: قصر حقیقی و غیر حقیقی کی تعریف بیان کرتے ہوئے ان میں سے ہر ایک کی دونوں قسموں کی مثال کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**
کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل
درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **علوم القرآن+التفسیر**
تاریخ: **01-02-2025** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**
امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مقتش: ____________

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: علم تفسیر کا واضع ہے۔

(الف) اللہ تعالی (ب) صحابہ کرام (ج) علماء مفسرین (د) اللہ تعالی اور نبی ﷺ

سوال نمبر 2: قرآن پاک کی کل سورتیں ہیں۔

(الف) 116 (ب) 124 (ج) 86 (د) 114

سوال نمبر 3: قرآن پاک کی تعریف میں "المعجز" کی قید سے نکل گئی۔

(الف) حدیث مشہور (ب) حدیث موضوع (ج) حدیث متواتر (د) حدیث قدسی

سوال نمبر 4: مکہ شریف میں سب سے آخر میں نازل ہوئی۔

(الف) سورۃ حج (ب) سورۃ محمد (ج) سورۃ تکاثر (د) سورۃ مومنون

سوال نمبر 5: مدینہ شریف میں سب سے آخر میں نازل ہوئی۔

(الف) سورۃ البقرہ (ب) سورۃ طٰہ (ج) سورۃ الرحمن (د) سورۃ البراءۃ

سوال نمبر 6: "أصح القراءات" سند کے اعتبار سے ہے۔

(الف) نافع وعاصم (ب) فقط نافع (ج) فقط عاصم (د) نافع وابو عمرو

سوال نمبر 7: کل کیفیاتِ قراءت ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) پانچ (د) دس

سوال نمبر 8: امام اعظم ابو حنیفہ علیہ الرحمہ نے فرمایا: "جس نے سال میں۔۔۔ قرآن پڑھا اس نے حق ادا کر دیا"

(الف) چار بار (ب) دو بار (ج) تین بار (د) پانچ بار

سوال نمبر 9: قراءت قرآن سے پہلے وضو کرنا ہے۔

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) سنت مؤکدہ (د) واجب

سوال نمبر 10: مکی اور مدنی سورتوں کی معرفت میں اصطلاحات ہیں۔

(الف) دو (ب) ایک (ج) پانچ (د) تین

سوال نمبر 11: صحابہ کرام اسبابِ نزول کی معرفت میں ہیں۔

(الف) مرجع اول (ب) مرجع آخر (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: پیارے نبی ﷺ نے۔۔۔ صحابہ کرام سے قرآن پاک سیکھنے کا حکم فرمایا۔

(الف) چار (ب) پانچ (ج) آٹھ (د) دس

سوال نمبر13:"أباريق"لفظ ہے۔

(الف)فارسی (ب)حبشی (ج)عربی (د)عبرانی

سوال نمبر14: حضرت خضر علیہ السلام نے۔۔۔کو کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر کی طاقت نہیں رکھتے۔

(الف)حضرت ہارون علیہ السلام (ب)حضرت موسیٰ وہارون (ج)حضرت موسیٰ (د)حضرت نوح علیہم السلام

سوال نمبر15:حضرت خضر علیہ السلام نے جن بستی والوں سے کھانا طلب فرمایا تھا اس بستی کا نام تھا۔

(الف)بنی نجار (ب)انطاکیہ (ج)مدین (د)بصرہ

سوال نمبر16:جس بچے کو حضرت خضر علیہ السلام نے قتل کر دیا تھا اگر وہ زندہ رہتا تو۔۔۔کو کفر پر مجبور کرتا۔

(الف)بستی والوں (ب)والدین (ج)بچوں (د)تمام لوگوں

سوال نمبر17:ذوالقرنین۔۔۔کا لقب ہے۔

(الف)حضرت ادریس علیہ السلام (ب)حضرت عیسی علیہ السلام (ج)سکندر اعظم رضی اللہ عنہ (د)حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر18:حضرت ذوالقرنین نے سورج کو۔۔۔میں غروب ہوتا پایا۔

(الف)باغ (ب)میدان (ج)دریا (د)گدلے چشمے

سوال نمبر19:یاجوج ماجوج۔۔۔کا نام ہے۔

(الف)دو بستیوں (ب)دو بھائیوں (ج)دو قبیلوں (د)دو لوگوں

سوال نمبر20:"ردما"کا معنی ہے۔

(الف)درخت (ب)میدان (ج)ہتھوڑا (د)مضبوط آڑ

سوال نمبر21:جب حضرت زکریا علیہ السلام نے بیٹے کی دعا کی تو آپ کی بیوی تھی۔

(الف)بیمار (ب)بانجھ (ج)بوڑھی (د)حاملہ

سوال نمبر22:اللہ تعالی نے حضرت زکریا علیہ السلام کے بیٹے کا نام۔۔۔رکھا۔

(الف)یحیی (ب)ہارون (ج)عیسی (د)موسی علیہم السلام

سوال نمبر23:نشانی کے طور پر حضرت زکریا علیہ السلام نے۔۔۔لوگوں سے کلام نہیں کیا۔

(الف)دو دن (ب)دس دن (ج)ایک ماہ (د)تین دن

سوال نمبر24:"رطبا"کا معنیٰ ہے۔

(الف)تازہ (ب)خشک (ج)تیار (د)چھوہارا

سوال نمبر25:حضرت عیسی علیہ السلام کو۔۔۔نے ابن اللہ کہا۔

(الف)یہودیوں (ب)عیسائیوں (ج)حواریوں (د)خارجیوں

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **علوم القرآن+التفسیر**

تاریخ: **01-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD


## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: علم تفسیر کا موضوع، فائدہ اور ثمرہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: سورۃ کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر3: سفری آیات سے کیا مراد ہے؟ کوئی دو مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: مکہ اور مدینہ میں نازل ہونے والی پہلی پہلی آیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر5: نزول قرآن کی کتنی اور کون کون سی صورتیں ہیں؟

سوال نمبر6: آیت ایک ہو اور اسباب متعدد ہوں اس کی کوئی دو مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر7: سبب ایک ہو اور آیات مختلف ہوں اس کی کوئی دو مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر8: غزوہ بئر معونہ میں کتنے صحابہ کرام شہید ہوئے؟

سوال نمبر9: قرآن پڑھانے میں مشہور کسی تین صحابہ کرام کے نام بیان کیجئے۔

سوال نمبر10: قراءت کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ صرف نام ذکر کیجئے۔

سوال نمبر11: "ورفعنٰہ مکانا علیا" میں مکانا علیا سے مراد کیا ہے؟

سوال نمبر12: "وماکان ربک نسیا" کی تفسیر بیان کیجئے۔

سوال نمبر13: مصر سے مدین کے سفر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اللہ پاک سے ہم کلام ہونے کا واقعہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر14: موسیٰ علیہ السلام کی زبان میں لکنت کا سبب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر15: فرعون بنی اسرائیل سے کون سے مشقت والے کام کرواتا تھا؟

سوال نمبر16: "یوم الزینۃ" سے کیا مراد ہے اور لوگ کس وقت جمع ہوئے تھے؟

سوال نمبر17: فرعون نے جادوگروں کو کیا سزا دی؟

سوال نمبر18: حضرت موسی علیہ السلام نے حضرت ہارون علیہ السلام کے داڑھی اور سر کے بال کس ہاتھ مبارک سے پکڑے تھے؟

سوال نمبر19: ابلیس کون تھا اور اس نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے کیوں انکار کیا تھا؟

سوال نمبر20: سورۃ الانبیاء مکی ہے یا مدنی؟ اور اس کی کتنی آیات ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: قرآن پاک میں عجمی لفظ استعمال ہوئے ہیں یا نہیں؟ قرآن پاک سے کوئی 5 عجمی الفاظ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: مرجع ضمیر کی کوئی 4 صورتوں کے نام تحریر کیجئے اور کسی دو کی امثلہ دیجئے۔

سوال نمبر3: وجوہ اور نظائر سے کیا مراد ہے نیز بتائیے کہ "الھدی" کتنے معانی میں استعمال ہوا؟ کوئی 4 معانی مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: سورۃ انبیاء کی تفسیر کی روشنی میں حضرت سلیمان اور حضرت یونس علی نبینا وعلیہما السلام کا تعارف بیان کیجئے۔ ہر ایک پر کم از کم سات لائن کا تبصرہ ہو۔

سوال نمبر5: يٰاَيُّهَا النَّاسُ أي أهل مكة وغيرهم اتَّقُوْا رَبَّكُمْ أي عقابه بأن تطيعوه اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ أي الحركة الشديدة للأرض التي يكون بعدها طلوع الشمس من مغربها الذي هو قرب الساعة شَيْءٌ عَظِيْمٌ في إزعاج الناس هو النوع من العقاب يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ بسببها كُلُّ مُرْضِعَةٍ بالفعل عَمَّا اَرْضَعَتْ أي تنساه وَ تَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ أي حبلى حَمْلَهَا وَ تَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى من شدة الخوف وَ مَا هُمْ بِسُكٰرٰى من الشراب وَ لٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ (فهم يخافون ونزل في النضر ابن الحارث وجماعة) آیات و تفسیر کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ________________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **خاصہ سال دوم** — پرچہ: **دوسرا** — مضمون: **الحدیث+علوم الحدیث وتاریخہ**

تاریخ: **03-02-2025** — دن: **پیر** — کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** — کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "مرفوع پر اثر کا اطلاق درست ہے" اس حوالے سے کوئی ایک دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: صحابی کا قول "من السنة كذا" کس حدیث کے حکم میں ہے؟

سوال نمبر 3: معضل کس حدیث کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: اسباب تدلیس تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ضعیف حدیث کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: بابِ حدیث میں کذبِ راوی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: راوی کے سوء حفظ سے کیا مراد ہے؟

